آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت ®

اپریل ۲۰۱۳

سید انتظار حسین شاہ

بیادِ حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

جلد نمبر 66 | APRIL 2013 | شمارہ نمبر 01

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے

یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبرشپ 8000 روپے

لائف ممبرشپ 800 ڈالر For 12 Years

نعت	2	عزت، شہرت، عظمت	20	سعد اوقات + ماہ اپریل کے نمبرز	42
عالمی و سیاسی پیش گوئیاں	3	رحمکاریہ جفر شرف شمس	24	مقدر کا سکندر + اندھا قانون	43
اپریل کا ٹرننگ پوائنٹ	4	درود شریف کے فوائد	25	ہم ہیں دیوانے	44
سیاسی پارٹیوں کا ماضی، حال، مستقبل	6	آثار القرآن	28	قسمت اپنی اپنی + بتاؤ کیا ہے قسمت	45
سال کا پہلا چاند گرہن	10	اعجاز الاعمر	31	ماہ کیسا اپریل 2013ء	46
تعزیت	11	طب	32	سوالات کے جوابات	53
دربار مصطفےٰ کا روحانی فیض	12	حصول دولت کے ٹوٹکے	36	قلمی دوستی	54
حروف متبارکہ	14	مال کثیر حاصل کرنے کا عمل	40	اشتہارات	55
عملیات جفر کا سریع التاثیر عمل	17	ٹیلی کی نمبرز اپریل 2013ء	41	کتب اشتہارات	56



ہیڈ آفس: کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور

فون: 042-35752277, 35872277 فیکس: 042-35755253

موبائل: 0300-9483758

کراچی آفس: کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200

فون: 021-32217544

E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا



حمد

صباؔ اکبر آبادی

ہر طرف کائنات میں تم ہو
صرف بزمِ حیات میں تم ہو
کچھ نہ تھا کائنات میں تم تھے
کچھ نہیں کائنات میں تم ہو
ہر عدم ہر وجود تم سے ہے
یعنی ہر نفی ہر ثبات میں تم ہو
اور کچھ بھی نظر نہیں آتا
میں ہوں یا کائنات میں تم ہو
حق و باطل نہیں ہیں ایک مگر
کعبہ و سومنات میں تم ہو
عکس ہیں حسنِ ذات کے ہی صباؔ
گم جہانِ صفات میں تم ہو

حدیث قدسی

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ھے

جو گناہوں کو یاد کر کے توبہ و استغفار کر رہے ہیں، اللہ کے عذاب کے خوف سے اور ندامت سے رو رہے ہیں، ان کا رونا اور ان کے آہ و نالے مجھے تسبیح پڑھنے والوں کے سبحان اللہ کہنے سے زیادہ عزیز ہیں۔





نعت

صباؔ اکبر آبادی


میرے لب پر حضور ﷺ کی باتیں
تیرگی میں ہیں نور کی باتیں
سب سے اچھا ہے بس حضور ﷺ کا نام
سب سے اچھی حضور ﷺ کی باتیں
کر مدینے کی بات اے واعظ
چھوڑ حور و قصور کی باتیں
ذکرِ احمدؐ سے ہے بیاں روشن
نور کے لفظ نور کی باتیں
لبِ آدم سے تا مسیح رہیں
آپ ہی کے ظہور کی باتیں
بے کہے سب وہ جانتے ہیں صباؔ
اس دلِ ناصبور کی باتیں



منقبت

مظہر بھوپالی

چمن میں پھول بنتا ہے کلی کا
جو ہے فرزند زہراؓ و علیؑ کا
سلیقہ سیکھ لو گر بندگی کا
سکوں مل جائے تم کو زندگی کا
جو ظلم و جور سے روکے کسی کو
یہی تو کام ہے رب کے ولی کا
حکومت جس نے ٹھوکر میں لٹائی
یہ خاصہ ہے سخی ابن سخی کا
ہر ایک مشکل میری آساں ہوئی ہے
لیا ہے نام جب ابن علیؑ کا
تکلم سیکھ لو اُن سے ہی مظہرؔ
حسن ہیں آئینہ خلقِ نبی ﷺ کا



علم نجوم کے حلقوں میں یہ بات افسوس سے سنی جائے گی کہ غازی منجم انتقال فرما گئے

ہم ریڈیو پاکستان دہلی سے بول رہے ہیں: غازی منجم

سینکڑوں سچی پیش گوئیاں کے خالق نہایت ہی شفیق، مہربان اور اپنے فن نجوم میں یکتا روزگار، امانت، دیانت، خلوص کا پیکر جناب غازی منجم نمائندہ خصوصی صدر آل انڈیا آسٹرالوجر کانفرنس ان پاکستان 90 سال کی عمر میں 20 نومبر 2012 مختصر سی علالت کے بعد اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔

ذوالفقار علی بھٹو کا دور جب اپنے بامِ عروج پر تھا اور وہ بلا شرکت غیر مرکز میں حکمرانی کر رہے تھے تو غازی منجم صاحب نے اُن کی بابت پیش گوئی کر دی تھی کہ عنقریب پیپل کے پتے جھڑ جائیں گے اور پھر پیپلز پارٹی کی حکومت ختم ہو گی۔ چند سال قبل دونوں ملکوں کی افواج سرحدوں پر تھیں تو غازی منجم صاحب نے پیش گوئی کر دی تھی کہ اب کبھی ہندو پاکستان کی جنگ کبھی نہیں ہو گی۔ بلکہ اب آپس میں دوستیاں ہوں گی۔ کچھ عرصہ کے بعد پاکستان نے بھارت کو پسندیدہ ملک کا درجہ قرار دے دیا تب سرحدوں پر آئی افواج واپس چلی گئیں۔ صدر امریکہ، UNO، جنرل سیکرٹری، ملکہ برطانیہ، صدر وزیر اعظم ہند کے علاوہ پاکستانی اخبارات، بی بی سی وائس آف امریکہ کو غازی منجم صاحب تقریباً ہر ماہ روحانی نجومی مشورے بھجواتے رہتے تھے۔ ان کے خطوط وقتاً فوقتاً آئینہ قسمت میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ آپ نے پاکستان کو اللہ کا اپنا ملک قرار دیا تھا۔ آپ کی پیش گوئی ہے کہ جس نے بھی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا وہ شخص ہو یا ملک تباہ و برباد ہو جائے گا۔ آپ اپنے سائلین اور شاگردوں سے بھی نہایت اخلاص و محبت سے پیش آتے تھے۔ معمولی معاوضہ میں بھی اُن کی بڑھ چڑھ کر خدمت کرتے تھے۔ آپ نے ساری زندگی سادگی سے گزری اور 90 سال کی عمر میں آپ کی ذہانت کمال کی تھی۔ آپ نے اپنے جاننے والوں کی ہمیشہ ممکنہ صحیح راہنمائی کی۔ آج کل کے نجومیوں عاملوں کی طرح کبھی کسی سائل کو مس گائیڈ نہیں کیا۔

"ہم ریڈیو پاکستان دہلی سے بول رہے ہیں" یہ پیش گوئی آپ کے راولپنڈی آفس کے بورڈ پر لکھی ہوئی سبھی آنے جانے والوں کو اپنی جانب متوجہ کرتی تھی۔ آپ کی زندگی میں تو یہ پوری نہ ہو سکی۔ آگے پوری ہو جائے تو کچھ کہہ نہیں سکتے ہیں۔ بے شک عالم الغیب حق سبحانہٗ تعالیٰ ہے۔

پسماندگان میں آپ نے تین بیٹے، دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ قارئین سے اُن کی بلندی درجات کے لیے ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص کی اپیل ہے۔

اراکین ادارہ آئینہ قسمت لاہور/ کراچی/ راولپنڈی بھی غازی منجم صاحب کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ قارئین آپ کے صاحبزادے جناب راشد ابن غازی منجم آف واہ کینٹ سے اس موبائل نمبر پر تعزیت کر سکتے ہیں۔ 5347829 - 0321

آہ! رشید منجم

روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی/ اسلام آباد سے منسلک ایک علم دوست شخصیت خصوصاً علم نجوم میں دلچسپی مہارت اور ماہرانہ رائے دینے والی شخصیت جناب رشید منجم صاحب بھی اب اس دنیا میں نہ ہیں۔ ان کی وفات کی خبر ایک دوست نے دی، ان کے بلندی درجات کے لیے بھی ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص کی تلاوت کی اپیل ہے۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

قران زہرہ مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 15اپریل 7 بجکر 51 منٹ، کمل نظر 17اپریل 9 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 19اپریل 11 بجکر 59 منٹ پر ہو گا۔ تسخیر مرد و زن، زوجین میں صلح صفائی کے لیے سورۃ یوسف کا نقش لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں اور مطلوب کو پلا بھی سکتے ہیں یا کسی پھلدار درخت سے باندھیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶


چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش یاقویُ

یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ
یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ
یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ
یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ	یاقویُ

مقابلہ زہرہ زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 21اپریل 18 بجکر 24 منٹ، مکمل نظر 22اپریل 12 بجکر 43 منٹ اور خاتمہ نظر 23اپریل 7 بجکر 1 منٹ پر ہو گا۔ حاسدین مرد و زن میں فتنہ انگیزی پیدا کرنے کے لیے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ مائدہ کی آیت کا نقش لکھ کر حاملہ قبور میں دبا دیں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔



قران شمس مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 13اپریل 18 بجکر 37 منٹ، مکمل نظر 18اپریل 5 بجکر 20 منٹ اور خاتمہ نظر 22اپریل 15 بجکر 34 منٹ پر ہو گا۔ جدید تحقیق نجوم میں یہ مثبت اثرات مرتب کرنے والی نظر ہے۔ اپنے یا اپنے بچوں کی ہمت و حوصلہ بڑھانے کے لیے اسم اعظم "یاقویُ" پڑھیں یا نقش لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں۔

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

بقیہ صفحہ نمبر 23

از تحریر: میاں جاوید اقبال

حروفِ مفارقت



قارئین کرام! ایک عرصہ بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔

حروفِ مفارقت یعنی تفریق عداوت و بغض اور ایک دوسرے میں جدائی ڈالنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

2013ء جو کہ صوامت سے اس کا آغاز کرنا چاہتا تھا لیکن نئی تحقیق کو بھی صوامت کی ایک کڑی سمجھ لیں۔ آغاز میں چند اعمال تیار کیے اور نتیجتاً اس کا حوصلہ افزاء رزلٹ ملا۔ اس لیے ابتداء سے ہی آپ کو اس میں آگاہ کرنا چاہتا تھا۔ تاکہ اس کے آغاز میں آپ کی شمولیت شامل حال رہے۔ قارئین کرام جدائی یا مفارقت سے مراد یہ نہیں کہ آپ کسی ہنستے بستے گھر کو اُجاڑ دیں بلکہ ایسے افراد کے درمیان جدائی ڈالنا مقصود ہوتا ہے۔ جن کا گٹھ جوڑ باعث زحمت ہوتا ہے اور شر و فتنہ پھیلاتے ہیں اور اُن کے گٹھ جوڑ سے بے شمار لوگ عاجز و تنگ ہوں اور کثیر تعداد میں لوگ اُن کے شر سے تنگ ہوں اور اُن کے زیرِ عتاب ہوں۔

صوامت کی طرح حروفِ مفارقت کو بھی خاندانِ زنجانیہ نے روشناس کروایا۔ بعد ازاں صوامت پر اَن گنت اعمال کے ذریعے جدت کے ساتھ اس پر کامیاب تحقیق اس بندہ ناچیز کے حصہ میں آئی اور کبھی ایسے عملیات وضع کیے جو آج تک کسی نے نہ کیے۔ اسی طرح سید ناظر حسین شاہ زنجانی نے اپنی ایک کتاب "مفتاح الجفر" میں حروفِ مفارقت کو پیش کیا مگر اس کی تعریف بیان فرمائی۔ عمل تیار کرنے کے طرائق کو مخفی رکھا، مصلحت اس میں واضح ہے کہ لوگ گاہے بگاہے ناجائز تنگ نہ کریں اور ذاتی دشمنوں سے اپنے بدلے لیتے رہیں۔ حروفِ مفارقت درج ذیل ہیں:

ب ج ہ و ز ط ی ل ن ع ص

حروف کی تعداد گیارہ اور اعداد قمری کی تعداد 282 ہے۔ ابتداء میں یہی عرض ہے کہ اس ضرورت حروفِ صوامت کے عین طرز پر ہے۔ آپ فی الحال اس کو صوامت کے طرائق کے مطابق استعمال میں لا سکتے ہیں اور صوامت جیسا ہی رزلٹ پائیں گے۔ کچھ خاص اور اہم نکات ہیں جو کہ آہستہ آہستہ آپ پر واضح کرتا رہوں گا۔ عمل کے اوقات اور استعمال عین صوامت کی طرز پر ہیں۔ بخور اس کا تلخ اور شورا ہے۔ یہ علم الجفر کا ایک خاص کرشمہ ہے۔ اس کے بعد حروفِ حب تسخیر اور حروفِ محبت پر بھی اعمال پیش کیے جائیں گے۔

اس لیے 2013ء کے تمام مضامین نہایت اہم اور غیر نقل شدہ ہوں گے۔ جو کہ میرے ذاتی تجربہ شدہ ہیں۔ جو کہ کسی کتابوں وغیرہ میں آج تک چھپے ہوئے نہ ہوں گے۔ سال 2013ء میں آئینہ قسمت کی کڑی کو نہ توڑیں اور کوئی آئندہ شمارہ مس نہ کریں۔ بعد ازاں اعمال آپ کو ڈھونڈنے میں پریشانی ہو۔

حروفِ مفارقت:

حروفِ صوامت کی طرح حروفِ مفارقت کی زکوٰۃ آپ گرہن میں ادا کر سکتے ہیں۔ حروفِ صوامت کو آپ مرکب حالت لکھ کر زکوٰۃ ادا کرتے تھے۔ جبکہ حروفِ مفارقت کو آپ فرداً فرداً لکھ کر بعد ازاں کسی قبرستان میں دفن کریں گے۔ اسی طرح باجرہ، گڑ اور چینی کا صدقہ دے کر بخور لازمی طور پر تلخ یا شورہ کا روشن کریں۔ اس سے زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد آپ کی قلم حروفِ مفارقت کی مکمل طاقت کا مظاہرہ کرے گی۔

چاند گرہن:

سال 2013ء کا پہلا گرہن برج عقرب کے 46 - 05 درجہ پر لگے گا۔

گرہن کی ابتداء 25 اپریل بروز جمعرات رات 03 - 23 سے ہوگا اور خاتمہ 26 اپریل بروز جمعۃ المبارک بوقت صبح السحر 11-03 منٹ پر ہوگا۔ ایشیاء کے تمام ممالک میں اس کا نظارہ ہو سکے گا۔ پاکستان، انڈیا، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال وغیرہ

آپ اس کی زکوۃ گرہن میں ادا کر سکتے ہیں۔ قارئین کرام یہ حروف معجزہ الجفر ہیں اور ان کی رجعت مین الصوامت کی طرح آتی ہے۔ لہٰذا اس کو زیادہ آسان نہ لیں۔

عملِ مفارقت:

مفارقت کا عمل بنانے سے پہلے ایک سطرِ مقصد تحریر کریں اور اس کی بسط حرفی کر کے حروفِ مفارقت سے امتزاج دیں۔

سطرِ مقصد:

تفرقہ ومفارقت طاہر محمود مقصود بیگم بغض شراب نوشی تا کہ بندش آوارگی ہو۔

بُسط حرفی:

ت ف ر ق ہ و م ف ا ر ق ت ط ا ہ ر م ح م و د م ق ص و د ب ی گ م ب غ ض ش ر ا ب ن و ش ی ت ا ک ہ ب ن د ش آ و ا ر گ ی ہ و۔ (ٹوٹل حروف: 57)

حروفِ مفارقت:

ب ج ہ و ز ط ی ل ن ع ص

سطرِ امتزاج:

ت ب ف ج ر ہ ق و ہ ز و ط م ی ف ل ا ن ر ع ق ص
ت ب ط ج ا ہ ہ و ر ز م ط ح ی م ل و ن د ع م ص
ق ب ص ج و ہ د و ب ز ی ط گ ی م ل ب ن غ ع ض ص
ش ب ر ج ا ہ ب و ن ز و ط ش ی ی ل ت ن ا ع ک ص
ہ ب ب ج ن ہ د و ش ز ا ط و ی ا ل ر ن گ ع ی ص ہ ب و ج

قارئین کرام! سطرِ امتزاج کے ٹوٹل 114 حروف اور ان کے اعداد قمری 7354 بنے۔ اب اس سے 2 اقسام کے نقش تیار کیے جائیں گے۔

پہلے نمبر پر آپ ایک مربع معکوس بنائیں گے، جس کو آپ ایک سیسہ کی لوح پر کندہ کریں گے۔

چال مربع معکوس

۷۸۶

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

سطرِ امتزاج کے 114 حروف ملا کر طلسم بنا کر اس کے اردگرد لکھیں۔

مثالی نقش مربع معکوس

۷۸۶

۱۸۴۳	۱۸۳۲	۱۸۳۳	۱۸۴۶
۱۸۴۲	۱۸۳۷	۱۸۳۶	۱۸۳۹
۱۸۳۸	۱۸۴۱	۱۸۴۰	۱۸۳۵
۱۸۳۱	۱۸۴۴	۱۸۴۵	۱۸۳۴

قارئین کرام! اس لوح کو عین گرہن یا کسی نحس ترین ساعت میں لوح سیسہ پر کندہ کر کے اس آدمی کے سونے والے کمرہ میں کسی کالے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر وزن کے نیچے چھپا کر رکھ دیں۔

اس کے ساتھ آپ 3 عدد مثلث خاکی چال سے پُر کریں۔ روشنائی سیاہ

میں نوشادر ٹھیکری اور سرکہ سفید ملا کر قلمی شورہ کا بخور دے کر استعمال میں لائیں جو کہ درج ذیل ہے۔

چال خاکی مثلث

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

سطر امتزاج کے چار چار حروف کو ملا کر طلسم بنائیں اور تینوں نقوش کے اردگرد حصار کی صورت میں درج کریں۔

القابض

اجھزط — اجھزط

۲۴۵۰	۲۴۵۶	۲۴۴۸
۲۴۴۹	۲۴۵۱	۲۴۵۴
۲۴۵۵	۲۴۴۷	۲۴۵۲


۹بھنظ — ۹بھنظ

قارئین کرام! درج بالا نقش مثلث خاکی 3 عدد لکھیں۔ ایک نقش قبر کہنہ کے سرہانے دفن کریں اور وہاں سے ایک چٹکی مٹی لا کر اس میں دوسرا نقش ریزہ ریزہ کر کے اس آدمی کے راستہ میں بکھیر دیں تا کہ وہ کم از کم ایک مرتبہ اس کے اوپر سے گزر جائے، تیسرا نقش جب وقت ملے اس کو پانی میں حل کر کے اس کو پلا دیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں اس آدمی اور شراب میں شدید نفرت پیدا ہو جائے گی اور وہ آدمی شراب سے علیحدگی پر مجبور ہو جائے گا اور اپنی آوارگی بھی ترک کر کے اپنے روزمرہ کاموں کی طرف راغب ہو گا۔

قارئین کرام! عملیات حروفِ مفارقت کے کئی اہم ترین نکات ہیں جن کی وجہ سے عمل تیز سے تیز ترین ہوتا چلا جاتا ہے۔ یعنی یہ عمل پر منحصر ہے کہ عمل کس قسم کا تیار کرتا ہے، اس کے مطابق اس کے کئی نکات تبدیل کرنا پڑتے ہیں۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اعمال بھی حروفِ صوامت کی طاقت کے برابر ہیں۔

اسی لیے اس کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں۔ کیونکہ صوامت کی طرح اس کی بھی رجعت لازمی ہوتی ہے۔ لہٰذا اجازت کے لیے حضرت شاہ زنجانی صاحب سے رابطہ کریں۔ اس کے دوسرے لوازمات اور اوقات زکوٰۃ اور اعمال وہی ہیں جو کہ صوامت کے ہیں۔ اس کی زکوٰۃ سے آپ کو لازمی مزہ و سرور آئے گا۔ عمل سے قبل ہی دوران زکوٰۃ آپ کو اس کی طاقت کا اندازہ ہر صورت ہو جائے گا۔

یہ عمل ایک آدمی اور شراب نوشی کے درمیان نفرت و بغض اور جدائی کا تھا۔ آپ اپنے مقصد کے لحاظ سے اعمال تیار کر سکتے ہیں۔



شرفِ شمس

از تحریر: میاں جاوید اقبال، بدوملہی (نارووال)

عملیاتِ جفر کا سریع التاثیر عمل

شمس جب فلک پر طلوع ہوتا ہے تو اس کائنات پر موجود تمام حیوانات و نباتات کے لیے ذریعہ خوراک اور زندگی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں زندگی کا دارومدار شمس کی وجہ سے ہے۔ اگر شمس نہ ہوتا سیارہ زمین پر زندگی کے آثار بھی نہ ہوتے۔ اسی سے وجہ نباتات پیدا ہوتے ہیں جو کہ حیوان و انسان کے لیے ذریعہ خوراک اور جینے کی امنگ پیدا کرتا ہے۔ یعنی ہر لحاظ سے انسانی زندگی کا دارومدار شمس پر ہے۔ حتیٰ کہ انسان شمس پر مزید دارومدار کرتے ہوئے توانائی پیدا کرنے کی سوچ رہا ہے جو کہ صرف 10 سال کے اندر اندر تمام دنیا میں رائج ہو جائے گی۔ لیکن اس کی قوت و طاقت کھربوں سال میں ختم تو کیا کم بھی نہ ہو سکے گی۔ اگر آپ اپنے اردگرد تمام چیزوں پر نظر دوڑائیں تو آپ کو ہر چیز کی بناوٹ میں شمس کی شمولیت لازمی نظر آئے گی کہ عام حالات میں شمس دنیا کے لیے ایک لازمی جزو ہے جو سال کے 365 دن لگاتار اپنے کام میں لگا ہوا ہے اور مسلسل ایک میکنزم کی طرح اس سیارہ پر اور اس کی ہر چیز پر حکمرانی کر رہا ہے۔ یہ تھا اس کا عام حالات میں وہ فعل جو کھربوں سال سے ادا کر رہا ہے۔

قارئین کرام! ذرا سوچیے جب شمس بادشاہ فلک عام حالات میں کرۂ ارض پر اتنی عنایات کی بارش کر رہا ہوتا ہے تو جب یہ شرف کی حالت میں ہوتا ہے تو اس کی قوت کس قدر ہوگی۔ روحانی طور پر شرف کی قوت کو جذب کر کے کس قدر فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ عام حالات میں شمس کی قوت کو سائنسدان شمسی توانائی جذب کر کے شہروں کے شہر روشن کر سکتے ہیں۔ تو آپ روحانی طور پر اس قوت سے کیوں نہیں مستفید ہو سکتے؟

قارئین کرام! بوقتِ شرف آپ حصولِ مراتب، ماہ و منزلت، دشمنوں پر فتح یابی، عظمت اور فتوحات اور غالب سحر اور غلبہ انسانی کے لیے مختلف اعمال تیار کر سکتے ہیں۔

خدانخواستہ اگر بدقسمتی اور گردش ایام نے احاطہ کیا ہوا ہے، کام بن بن کر بگڑ جاتے ہیں، کرتا کچھ ہوتا ہے اور ہوتا کچھ اور ہے، کسی مقدمہ کی وجہ سے پریشانی، دشمن نے تنگ کیا ہوا ہے، مال و دولت پانی کی طرح بہہ جاتا ہے، گھر سے بیماری نہیں جاتی، دیس پردیس میں کسی دشمن کا ڈر لگا ہوا ہے، روزگار نہیں ہے، بہت ہاتھ پاؤں مارے ہیں مگر نا امیدی اپنا منہ دکھا جاتی ہے، پیسہ ہاتھ میں نہیں ٹھہرتا اور اگر آتا ہے تو نکل جاتا ہے، بے برکتی کا گھر میں ڈیرہ ہے، کاروباری بندش یا چلتا چلتا رک جاتا ہے، قرض ادا کرنے کی کوئی صورت نہیں بن پاتی، بگڑتی صحت، بیماری اور نامعلوم وجہ گھبراہٹ یا انجانا خوف اور گھر میں ہر وقت ٹو ٹو لگی رہتی ہے اور تلخی بھرا ماحول رہتا ہے۔ وہ حضرات جن کو مقابلہ کا امتحان یا محکمانہ امتحان یا انعامی اسکیموں میں کامیابی حتیٰ کہ دنیاوی قسم کی کوئی بھی پریشانی ہے تو شرفِ شمس کا یہ لاجواب مجرب عمل لوحِ شرفِ شمس معظم بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اس کے پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی غیبی طاقت گرد و پیش ہے۔ آپ اپنے کاموں کو حیرت انگیز طور پر بنتا دیکھ کر حیران رہ جائیں گے اور تھوڑے ہی عرصہ

میں زندگی کی بے شمار مسرتیں حاصل ہو جائیں گی۔ یہ عمل کارآزمودہ ہے، اس کے اثرات کبھی فیل نہیں ہوتے۔ ضرورت پڑے تو اس نعمت عظمیٰ سے ضرور فیض یاب ہوں اور معجزہ قرآنی کا صرف یہ ایک عمل آپ کی تمام عمر کی کفالت کرتا ہے۔

اوقاتِ شرفِ شمس

شمس کو سال میں صرف ایک مرتبہ شرف کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ جو کہ بادشاہ فلک ہونے کے ناطے بہت طاقتور شرف مانا جاتا ہے۔ یعنی تمام سیارگان کے شرف میں سب سے بڑا اور طاقتور شرف، شرفِ شمس ہوتا ہے، اس سال 2013ء میں اس کے اوقات یوں ہیں۔

7 اپریل بروز اتوار رات 21 بج کر 36 منٹ سے 8 اپریل بروز سوموار رات 10 بجے تک۔

اس دوران آپ ساعت شمس نکال کر اس میں یہ عمل شرفِ شمس بنا سکتے ہیں، جو کہ انتہائی طاقتور عمل ہے۔

عمل شرفِ شمس

قارئین کرام! عمل شرفِ شمس کے لیے سورۃ شمس کی روحانیت سے کام لیں گے اور اس کے ساتھ 4 آیات قرآنی جنہیں "چہل کاف قرآنی" کہا جائے تو بجا ہوگا۔ کیونکہ درج آیات قرآنی اپنے اندر روحانیات کا ایک سمندر سموئے ہوئے ہیں۔ اس کے ساتھ اسم اعظم شمس یا حی یا قیوم کی روحانیت سے کام لیں گے۔ سب سے پہلے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد قمری اور جو مقصد ہے، اس کے اعداد قمری لیں۔ عمل کی مثال حاضر خدمت ہے:

نام:	408
مقصد عزت و شہرت و ترقی رزق:	2405
اعداد سورۃ شمس:	19499
اعداد آیات چہل کاف:	46914


میزان: 69226

اب تمام اعداد میزان سے 105 اعداد طرح کریں اور 6 پر تقسیم کریں۔ اگر برابر تقسیم ہوں تو بہتر ہے، وگرنہ کسر کی صورت میں اگر کسر 1 بچے تو خانہ نمبر 31 میں، اگر کسر 2 بچے تو خانہ نمبر 25 میں، اگر کسر 3 بچے تو خانہ نمبر 19 میں، اگر کسر 4 بچے تو خانہ نمبر 13 میں اور اگر کسر 5 بچے تو خانہ نمبر 7 میں عدد ایک کا اضافہ کر کے نقش کا میزان درست کر سکتے ہیں۔ مثال یہ ہے:

ٹوٹل اعداد:	69226
105 اعداد طرح:	69121
تقسیم 6:	11520
کسر:	1


خانہ نمبر 31 میں ایک کا اضافہ کیا جائے گا۔
آپ اپنے مطلوبہ عمل میں کر کے حساب سے اضافہ کریں گے۔

چال عمل شرفِ شمس



اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات باری تعالیٰ کارساز مطلق ہے۔ جب کوئی شخص کوئی خاص عمل یا دعا کرتا ہے تو اس عمل کے یا آیت قرآنی کے ملائکہ اور مؤکلین حکم غیبی کے منتظر رہتے ہیں۔ بوقت شرف تیار کیے گئے عمل اثرات کے لحاظ سے بڑے بابرکت ہوتے ہیں۔

مثالی لوحِ شمس



اس وقت ایسے سعد اوقات میں عاملین اور جفار ایسے عملیات تیار کرتے ہیں۔ جو تسخیر خلائق، جاہ و مرتبت، فتوحات، بلند مقام و مرتبہ، ترقی رزق، گردش ایام سے نکلنے، دشمنوں سے بچاؤ کے لیے، الیکشن میں کامیابی کے خواہاں قسم کے لوگ شرفِ شمس کے سعد اوقات میں اعمال تیار کرنا اپنا وطیرہ سمجھتے ہیں۔ اداروں کے سربراہان تسخیر قلوب کے لیے انتہائی اکسیر عمل ہے۔

اس لوح کو ساعت شمس میں تیار کریں۔ یہ مسدس دوائر ہے جو کہ صرف اور صرف شرفِ شمس سے منسوب ہے۔ اس کے وسط میں اسم اعظم شمس یا حی یا قیوم کا بادی مثلث لکھیں اور روزانہ 174 مرتبہ ورد کر کے لوح مبارکہ کو دم کرتے رہیں اور ساتھ میں چہل کاف قرآنی کی آیات دم کر کے اس پر دم کریں۔

طریقہ استعمال

اس لوح کو ساعت شمس میں تیار کریں۔ اگر ایک ساعت میں کام مکمل نہ ہو سکے تو دوسری ساعت میں مکمل کریں۔ اگلے دن علی الصبح ایسے مقام پر جائیں جہاں سے طلوع شمس کا نظارہ ہو سکے اور طلوع سے قبل نقش کو سامنے رکھ کر قرآن پاک سے سورۃ الشمس پڑھنا شروع کر دیں۔ جب سورج مکمل طلوع ہو جائے تو تلاوت ختم کر کے لوح پر دم کریں اور دعا کریں۔

اے خداوند عالم! اس نیر اعظم کی طرح مجھے سربلند کر اور جس طرح یہ منبع فیض و نور ہے اسی طرح مجھے بنا دے اور اسی طرح تمام خلقت میں مجھے سربلند کر دے اور خلقت کو مطیع وفرمانبردار بنا (یا جو بھی کوئی مقصد ہو) اس پر دم کر کے اپنی جیب میں رکھ لیں یا پھر گلے میں ڈال لیں اور روزانہ 174 مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھ کر اس پر دم کیا کریں۔ اتنی تاثیر شاید ہی کسی اور عمل میں ہو۔ پھر تماشہ قدرت دیکھیں کہ کس طرح خواہ مخواہ غیب سے عروج حاصل ہوتا ہے۔ اگر آپ اس عمل کو خاص بنانا چاہتے ہیں تو اس پر 3 دن چاروں آیات قرآنی روزانہ 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بعد ازاں 174 مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھ کر دم کریں تو لوح مبارکہ کے مؤکلات کام کرنے کے لیے بے چین ہوں گے۔ اگر آپ نے اس بات کی پابندی کر لی تو ایک مرتبہ زندگی کا مزہ آ جائے گا۔ ہر کام خواہش کے مطابق ہوتا رہے گا۔ اس کو چاندی پر کندہ کریں کیونکہ یہ سال میں صرف ایک مرتبہ بنانے کا موقع آتا ہے۔ اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں، اجازت کے لیے حضرت شاہ زنجانی یا مجمد فقیر سے رابطہ کریں۔

کمالاتِ جفر شرفِ شمس

عزت، شہرت، عظمت و تسخیر افسرانِ اعلیٰ

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

جب آفتاب برج حمل میں حرکت کرتا ہوا 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ شمس کو سیارگان فلکی میں شہنشاہ کا مقام حاصل ہے۔ اس لیے فلکی اثرات کے لحاظ سے ایک پُر تاثیر اور بلند ترین وقت ہوتا ہے۔ اس کی طاقتور نورانی شعاعیں زمین پر ڈالتی ہیں۔ چنانچہ ان کی تاثیر مخصوص عملیات میں مخصوص الفاظ، آیات اور اسماء الٰہیہ کے ذریعے مخصوص اشکال میں ماہرین نجوم و جفر منتقل کر لیتے ہیں اور وہ طلسم یا شکل جب اس مخصوص وقت میں مخصوص چیز یا دھات پر ابھرے گی تو اس کو (حامل لوح) یعنی جس کے پاس ہو گی، ترقی عروج اور بلند مرتبہ پر پہنچنے کے لیے اسباب پیدا کرے گی۔ اسی لیے شمس کا شرف عاملین اور خصوصاً جفار حضرات کے لیے خصوصی اہمیت اور توجہ کا مرکز ہوتا ہے۔ لہٰذا عامل اور جفار حضرات اس موقع کی مناسبت سے ایسے سریع الاثر عملیات تیار کرتے ہیں اور جو تسخیر الخلائق جاہ و مرتبت، ترقی مدد اور عوام الناس میں مقبولیت حاصل کرنے کے لیے خصوصاً سیاست میں حصہ لینا چاہتے ہیں، ان کے لیے یہ خواہشات کی تکمیل کا مضبوط سہارا ہے۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے یہاں اس سے مراد عاملین اور اولیاء امت ہیں جو نجوم و جفر میں کامل و اکمل تھے۔ قدیم زمانے میں بادشاہ، وزراء اور امراء حکومت وقت میں مراعات اور عہدے حاصل کرنے کے لیے عالمانِ جفر سے مدد لیا کرتے تھے۔ یہ مدد شرفِ شمس کی الواح کی صورت میں ہوتی تھی۔ ایسے عملیات غریب لوگوں کی بساط سے باہر ہوتے تھے۔ اگرچہ اب بھی بعض حکام کاروباری لوگ اپنے لیے شرفِ شمس کا طلسم تیار کرتے ہیں جو بقائے ملازمت اور دبدبہ و اقتدار کا کام دیتی ہے۔ موجودہ زمانہ میں تاجر، ملازمین اور ڈاکٹر، سیاسی لیڈر، وزراء کے علاوہ ایسے مقتدر عہدوں کے حامل افراد جو حکومت وقت کے عتاب کا شکار ہو کر او ایس ڈی بنا کر کھڈے لائن کر دیے گئے ہوں، وہ اور علاوہ دوسرے لوگ بھی اس مبارک اور طاقتور ترین مؤثر وقت کی روحانیت سے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ مزید عرض ہے کہ اگر کوئی شخص کسی عہدہ پر کئی سال سے تعینات ہے مگر اس کو ترقی نہیں ملتی، حالانکہ وہ اس کا حق دار ہے یا حصولِ ملازمت میں افسران اس کی طرف توجہ نہیں دیتے، کسی کا حق مارا گیا ہے، کوئی شخص معاشرہ میں دوست احباب میں حقیر اور بے اعتبار سمجھا جاتا ہے تو اس کو شرفِ شمس کی لوح کی برکت سے ترقی ملے گی، ملازمت میں جائز مقام ملے گا، افسران توجہ کریں گے، حق واپس ملے گا، عزت ملے گی، مقام ملے گا، لوگ اعتبار کریں گے، بات سنیں گے بھی اور مانیں گے۔

اور ہاں کوئی شخص اکابرین حکومت میں سے ہے اور حکومت میں اُسے کوئی مطلوبہ مقام حاصل نہیں تو وہ مقام، عزت اور مرتبہ حاصل کرے گا۔ تمام حکام، شرفاء، داعیان زمان اس کے مطیع اور فرمانبردار ہوں گے اور اس کے حکم سے تجاوز نہ کریں گے اور نہ سختی، تندی، ترش مزاجی اور متکبرانہ رویہ اپنائیں گے۔ طلب جاہ و حشمت طالبوں کو نصیب ہو گی، اگر کوئی چاہے کہ جس عہدہ پر فائز ہے، اُسے کوئی ناجائز اور غلط طریقے سے اپنا کر چھین نہ لے اور نہ اس جگہ سے تبدیل کر سکے، تو انشاء اللہ وہ اسی عہدہ پر عزت و وقار سے قائم و دائم رہے گا یا جس کا کام یا ٹھیکے کو کر رہا ہے، وہ واپس نہ ہو اور عظمت و جلال قائم ہے تو اس کی خواہش پوری ہو گی۔

غرض جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ شمس تمام کواکب میں شہنشاہ کا مقام

رکھتا ہے اور تمام کواکب اس کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں۔ پس اس کی روحانیت حسب مراتب ہر شخص کو حاصل ہوگی۔ جس بھی فرد کے پاس شرفِ شمس کا طلسم یا لوح ہوگی، اس کے لیے یہ لوح ایک نعمت سے کم نہ ہوگی۔ موجودہ مخدوش بے رحم ظالم اور اندیشہ زیاں مال و دولت کے دور میں ہر شخص کے پاس ہونی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ چاہے گا تو وہ ہر آفت سے نہ صرف بچا رہے گا، بلکہ مراتب و درجات اور ترقی حاصل کرلے گا اور عزت پائے گا۔

اس سال شرفِ شمس کا یہ مبارک وقت 7 اپریل 2013ء بروز اتوار رات 21 بجکر 36 منٹ پر شروع ہوگی اور اسی میں کام کرنا ہوگا۔ لیکن دنیا میں اتوار کی رات جہاں دن ہوگا، اس وقت کام کیا جائے گا۔ ہمارے ہاں پاکستان میں 8 اپریل کی دو ساعتیں ملیں گی، دونوں کام کے لیے بہت موثر ہوں گی۔ پہلی ساعت شمس صبح 10 بجکر 8 منٹ پر شروع ہوگی اور 11 بجکر 11 منٹ پر ختم ہوگی۔ دوسری ساعت شمس شام 17 بجکر 35 منٹ پر شروع ہوگی اور 18 بجکر 39 منٹ پر ختم ہو جائے گی۔ شمس کیونکہ دن کا ستارہ ہے، اس لیے دن میں استفادہ حقیقی ہوگا۔ رات میں استفادہ مجازی اور استعماری ہوگا۔ دونوں ساعتیں سعد اور طاقتور ہیں، لندن میں 7 اپریل کو شمس کی ساعت دن میں ہوگی، جس کا وقت وہاں کے مطابق نکالیں۔ امریکہ میں ساعت شمس 7 اپریل کو دوپہر 13 بجکر 19 منٹ پر ہوگی اور تقریباً ایک گھنٹہ کی ہوگی۔

وقت مقررہ پر تمام لوازمات مہیا کرلیں۔ الگ کمرہ میں صاف پاک سرخ کپڑا یا جائے نماز بچھا کر بیٹھیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں، زعفران صندل سرخ اور عود کا بخور سلگائیں۔ آج کل تو سیوان ان دن اگربتیاں ملتی ہیں، اپنے کپڑوں پر عطر گلاب لگائیں، جب ساعت شروع ہو تو لوح کندہ کریں۔ کاغذ ہو تو زعفران سے نقش لکھ لیں، شمس کی منسوبہ دھات سونا (Gold) ہے۔ صاحب حیثیت لوگوں کو چاہیے کہ وہ سونے پر بنوائیں۔ یہ سونا ضائع نہیں ہوتا، جب چاہیں اس کو استعمال میں لاسکتے ہیں۔ اگر نہیں تو چاندی پر بنوا کر سونے کا پانی اوپر چڑھالیں۔ سنہرا کاغذ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کاغذ کی لوح اور دھات کی لوح میں تاثیر تو یکساں ہوگی، مگر فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ دھات سریع الاثر ہے اور کاغذ سست الاثر ہے۔

اس دفعہ شرفِ شمس کے موقع پر جو عمل پیش کر رہا ہوں، یہ علم جفر کا ایک انمول موتی ہے۔ یہ عمل خاص صرف اور صرف واسطے عروج و ترقی، رزق و فتوحات کے لیے سریع الاثر اور سریع الاجابت ہے۔ اس کا طریقہ تفصیلی لکھ رہا ہوں، خوب غور کریں، سمجھیں اور تیار کرکے فائدہ اٹھائیں، بہت فائدہ ہوگا۔

(I) نام معہ والدہ کے اعداد لیں: ۱۱۳۴

سورۃ الشمس کے اعداد: ۱۹۳۹۹

سات انبیاء کے اعداد: ۲۶۸۹

۵۸۲۵ = ۴ + ۲۳۳۳ = ۲۲ – ۲۳۳۲۲

<table>
<tr><td>۱۲</td><td colspan="2">۴</td><td>۱۱</td></tr>
<tr><td rowspan="2">۱۰</td><td>۵</td><td>۷</td><td rowspan="2">۳</td></tr>
<tr><td>۶</td><td>۸</td></tr>
<tr><td>۲</td><td colspan="2">۹</td><td>۱</td></tr>
</table>

(II) اعداد اسمہا الٰہ الالٰہۃ الرفیع الجلالہ: ۹۷۴


سات شاہان کے اعداد: ۴۵۴۷

مقصد: تسخیر و جاہ و مرتبت: ۲۳۳۳

۷۸۵۴

– ۲۲

۱۹۵۸ = ۴ + ۷۸۳۲




اعداد نمبر 1 نقش نمبر 1 میں پُر ہوں گے اور اعداد نمبر (II) خاتم سلیمانی میں پُر ہوں گے۔ ایک طرف لوح کے نقش نمبر (I) اور دوسری طرف خاتم سلیمانی بنے گی۔ پہلے نقش کے چاروں طرف نام مع والدہ + اسم اعظم اور مقصد الگ سطر میں لکھ کر ان کا امتزاج دیا جائے گا۔ حروف طاق ہونے کی صورت میں پانچ پانچ اور جفت ہوں تو چار چار حروف کے طلسم بنائیں اور آئیل کا اضافہ کر کے مؤکلات بنائیں، پھر ھوش لگا کر اعوان بنائیں۔ اعداد کے مطابق اسماء الٰہیہ بنا کر لکھیں اور حصار سے بند کریں۔ خاتم سلیمانی کے نیچے طلسم شمس اور عزیمت لکھیں۔


میں نے جو نقش لکھا ہے یہ آپ کو پہلی دفعہ نظر آئے گا۔ یاد رہے مثلث کے نو خانے اور مجموعہ اعداد پندرہ جبکہ مربع سولہ خانے اور مجموعہ اعداد چونتیس ہوتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان بھی ایک نقش ہے جس کی دو چالیں ہیں۔ بجل مثلث اور بجل مربع دونوں طرح سے خانے (12) اور مجموعہ اعداد چھبیس (26) ہوتا ہے۔ نقش چال نمبر 1 مربع کہلاتا ہے اور خاتم سلیمانی مثلث کہلاتی ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ مجموعہ اعداد سے 22 عدد طرح کریں اور چار پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے پُر کریں۔ اگر بقایا بچے ایک تو خانہ 12، 2 بچے تو خانہ 7 اور 3 بچے تو خانہ 2 میں ایک کا اضافہ کرو۔ اس نقش کے بہت فوائد ہیں۔ مصنف مائتہ الغائد قلمی نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔ میں نے اسے مختلف مواقع پر آزمایا، نیک مقاصد میں تجربہ کی کسوٹی پر امید سے بھی زیادہ مفید پایا۔ آپ بھی آزمائیں اور مصنف و مؤلف مرحوم کی علمی کاوش کی داد دیں اور اس کے درجات میں بلندی کی دعا کریں۔ میں مؤکلات وغیرہ استخراج کر کے نہیں لکھ رہا، خواہ مخواہ صفحات ضائع ہوں گے، آسان کام ہے، خود کر لیں۔ اب دونوں نقوش پُر کر رہا ہوں۔

میں نے جو نقش لکھا ہے یہ آپ کو پہلی دفعہ نظر آئے گا۔ یاد رہے مثلث کے نو خانے اور مجموعہ اعداد پندرہ جبکہ مربع سولہ خانے اور مجموعہ اعداد چونتیس ہوتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان بھی ایک نقش ہے جس کی دو چالیں ہیں۔ بجل مثلث اور بجل مربع دونوں طرح سے خانے (12) اور مجموعہ اعداد چھبیس (26) ہوتا ہے۔ نقش چال نمبر 1 مربع کہلاتا ہے اور خاتم سلیمانی مثلث کہلاتی ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ مجموعہ اعداد سے 22 عدد طرح کریں اور چار پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے پُر کریں۔ اگر بقایا بچے ایک تو خانہ 12، 2 بچے تو خانہ 7 اور 3 بچے تو خانہ 2 میں ایک کا اضافہ کرو۔ اس نقش کے بہت فوائد ہیں۔ مصنف مائتہ الغائد قلمی نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔ میں نے اسے مختلف مواقع پر آزمایا، نیک مقاصد میں تجربہ کی کسوٹی پر امید سے بھی زیادہ مفید پایا۔ آپ بھی آزمائیں اور مصنف و مؤلف مرحوم کی علمی کاوش کی داد دیں اور اس کے درجات میں بلندی کی دعا کریں۔ میں مؤکلات وغیرہ استخراج کر کے نہیں لکھ رہا، خواہ مخواہ صفحات ضائع ہوں گے، آسان کام ہے، خود کر لیں۔ اب دونوں نقوش پُر کر رہا ہوں۔





جب لوح مکمل ہو جائے تو سرخ ریشمی کپڑے میں سرخ دھاگے سے سی لیں۔ اگلے دن کسی ایسے مقام پر چلے جائیں جہاں سے طلوع ہوتے ہوئے سورج کا نظارہ کر سکیں۔ سورۂ شمس پڑھنا شروع کر دیں تو قرآن کریم دیکھ کر پڑھ سکتے ہیں۔ جب سورج مشرق سے ابھرتا نظر آئے تو سورۂ کی تلاوت ختم کر دیں اور لوح کو ہاتھ میں لے کر دعا کریں کہ:

"اے خداوند دو عالم! اے مکرم و طاہر! اس نیر اعظم کی طرح مجھے سربلندی حوت و اوللعزمی عطا فرما۔ جس طرح یہ کائنات کے لیے منبع فیض و نور ہے، اسی طرح مجھے بھی بنا دے۔ تمام خلقت میں مجھے با حوت بنا اور خلقت کو مطیع و فرمانبردار بنا۔ آمین

اس دعا کو پڑھ کر لوح اپنے پاس رکھ لیں۔ انشاء اللہ بہت جلد فتوحات حاصل ہوں گی اور یہ فیض اس وقت تک ملتا رہے گا، جب تک لوح پاس رہے گی۔

بقیہ: کرشماتِ صدری عملیات (مالِ کثیر)

	ا	و	ھ	ت	ا	ن	ل	ل	ع	ل	ی
	ی	ا	ل	و	ع	ھ	ل	ت	ل	ا	ن
	ن	ی	ا	ا	ل	ل	ت	و	ل	ع	ھ
	ھ	ن	ع	ی	ل	ا	و	ا	ت	ل	ل
زمام	ل	ھ	ل	ن	ت	ع	ا	ی	و	ل	ا

ترکیب:

جو اس تکسیر کو 11 یوم تک تحریر کر کے جس مقصد کے لیے آٹے میں بند کر کے آبِ رواں میں ڈالتا رہے گا، اس کی مراد پوری ہوگی۔ انشاء اللہ۔

بقیہ: دربانی مصطفائی کا روحانی فیض

تسدیس عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 23 اپریل 16 بجکر 48 منٹ، مکمل نظر 24 اپریل 8 بجکر 25 منٹ اور خاتمہ نظر 24 اپریل 23 بجکر 51 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی علوم ہر قسم خصوصاً طلبہ کی ذہانت کے لیے اسمائے الٰہی یا علیم کا نقش بنا کر ہار پر ہیز گلے میں پہننا نیک ہے۔

جال نقش		
٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

نقش یا قویُ		
یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم
یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم
یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم

مقابلہ شمس زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 27 اپریل 14 بجکر 32 منٹ، مکمل نظر 28 اپریل 13 بجکر 27 منٹ اور خاتمہ نظر 29 اپریل 12 بجکر 21 منٹ پر ہوگا۔ نفاق، بغض، عداوت، حتیٰ کہ دشمنان کے لیے ضروری ہو تو سورۂ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

٧٨٦		
٤٨٥	٢٨٨٦	١٤٥٥
٢٤٢٥	یہاں مقصد لکھیں	٣٤٠١
٢٩١٦	١٩٤٠	٩٧٠

ازتحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، جھنگی ایبٹ آباد

رحمکاریہ جفر شرفِ شمس


اس سال شرفِ شمس بحساب یونانی نجوم 7 اپریل رات 21:36 منٹ سے 8 اپریل 22:00 منٹ تک رہے گی۔

اس سال شرفِ شمس بحساب ہندی نجوم 23 اپریل 2013ء صبح 6 بجے سے 24 اپریل 2013ء صبح 6 بجکر 42 منٹ تک رہے گی۔ شرفِ شمس میں اس مرتبہ طلسم ترقی پیش کرتا ہوں۔ وہ خواتین وحضرات جو دولت کے لیے ترستے ہوں، روپے کسی طرف سے نہ آتے ہوں، قرض کا ڈھیر بن گیا ہو تو ایک طرف طلسم یونانی بنائے، دوسری طرف طلسم ہندی بنائیں۔ اس لوح کو پاس رکھیں۔ پھر 111 مرتبہ سورۃ الشمس پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام کو بخشیں۔

پھر 90 دن کے لیے روزانہ دو رکعت نماز نفل ہر رکعت میں 92 مرتبہ سورۃ شمس پڑھیں۔ سلام پھیر کر اس کا ثواب حضرت فاطمہ زہرہؓ اور حضرت زینبؓ کو بخشیں۔ اگر یہ عمل خود تیار نہ کرسکیں تو مجھ سے یا براہِ راست عامل شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروائیں۔

یہ عمل میری کتاب رحمکاریہ جفر حصہ دوم میں موجود ہے۔ جس کو ادارہ آئینہ قسمت عنقریب شائع کرے گا۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکا خیل اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعا کریں۔



بسم اللہ الرحمن الرحیم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

از انتخاب: حافظ سید محسن علی زنجانی

درود شریف کے فوائد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں

درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

حدیث مبارک ہے کہ جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کی راہ بھول گیا۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ۔
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

درود و سلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ (القرآن)

درود حل المشکلات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ وَ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ۔

حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جو شخص میرے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا ہے جب تک اس کتاب میں میرا نام موجود ہے، فرشتے اس کے گناہوں کی معافی اور رحمت کی دعا کرتے رہیں گے۔

درودِ خاص

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ۔

کوئی رنج یا مصیبت آجائے تو صدقِ دل سے اس درود پاک کو پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبتیں، تکلیفیں اور رنج و غم ختم ہو جاتے ہیں۔

خزینہ فضائل و برکات

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّ سَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

یہ درود شریف ہر نماز خصوصاً نماز جمعہ کے بعد مدینہ منورہ کی جانب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں۔

چھ لاکھ درود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ۔

شیخ الدلائل سید علی بن یوسف علیہ الرحمہ نے حضرت جلال الدین سیوطی سے روایت کی ہے کہ اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

فتنہ اور تنگ دستی دور کرنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ

اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ۔

یہ درود پاک مفتی دمشق علامہ حامد تقوی عماری علیہ الرحمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ فتنہ و فساد اور تنگی دور کرنے کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

روحانی تربیت کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

دعا میں جب تک نبی کریم ﷺ پر درود شریف نہ بھیجو گے تب تک دعا زمین اور آسمان کے درمیان لٹکی رہے گی۔

منہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

یہ درود پاک ایک ہی سانس میں گیارہ گیارہ بار پڑھنے سے بدبودار چیزیں کھانے سے منہ میں پیدا ہونے والی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

درود اسم اعظم

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا۔

یہ درود شریف کم از کم سو مرتبہ روزانہ پڑھنا معمول بنا لیجیے، پھر اس کی برکات دیکھیے کہ دین و دنیا کے ہر کام میں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ ناکامی باد خزاں بھی دور سے بھی نہیں گزرے گی۔

درود خضری

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

یہ ایسا درود پاک ہے کہ فقط روضہ نبی کریم ﷺ کی حاضری نصیب ہوتی ہے بلکہ مراد دین پائی جاتی ہے اور محبت میں یقیناً اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ فی الحقیقت درود خضری ایک بڑی نعمت ہے۔

صلوٰۃ الروف الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ عَدَدَ کُلِّ حَادِثٍ وَّقَدِیْمٍ۔

یہ درود شریف بزرگ ترین الفاظ سے ہے، اسے بکثرت پڑھنا چاہیے۔

درود جمالی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مہم یا پریشانی یا مصیبت میں ہو وہ درود پاک کو ہزار مرتبہ محبت و عشق سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت ٹال دے گا اور ان کو اپنی مراد میں کامیاب کر دے گا۔

درود نور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حدیث شریف نقل ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دعاؤں کی حفاظت کرنے والا ہے اور تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے۔

درود ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا ایک آدمی دیکھا۔ وہ بچپن کا لوہار تھا، جب میں نے ان سے ملاقات کی اور دعا کے لیے درخواست کی تو مجھ کو عجیب و غریب فائدہ حاصل ہوا۔

شفاعت رسول ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ

الْقِیَامَۃِ۔

حضرت رویفع رضی اللہ عنہ بن ثابت انصاری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس درود پاک کو پڑھے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

80 برس کے گناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر 80 مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے 80 برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

برائے کشادگی رزق

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَصَلِّ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

دفع نسیان کا نسخہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ کَمَا لَا نِھَایَۃَ لِکَمَالِكَ وَ عَدَدَ کَمَالِہٖ۔

دفع نسیان کے لیے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی مدد معین کے بغیر پڑھیں۔

درود شافعی شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی نے امام شافعی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے آپ سے کیا معاملہ کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ اس درود شریف کی برکت سے مجھے تعظیم واحترام کے ساتھ جنت میں لے جایا گیا۔

درود برائے مغفرت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

فضیلت تاجدار عرب وعجم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے۔ اگر کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا ہے تو اٹھنے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

حدیث شریف ہے کہ:

مولایا صل وسلم دائما ابدا علی حبیبك خیر الخلق کلھم

اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے، اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

بقیہ: آثار القرآن

حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ جو شخص اَعُوْذُ بِاللّٰہِ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور شیطان کے درمیان تین سو حجاب حائل کر دیتا ہے۔ جیسا کہ آسمان اور شیطان اس کی طرف آنے کا راستہ نہیں پاتا۔

ابوذرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا انسانوں میں بھی شیطان ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں انسانوں کا شیطان جنوں کے شیطان سے زیادہ شریر ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ جب مومن شخص اَعُوْذُ بِاللّٰہِ پڑھتا ہے تو شیطان کہتا ہے کہ تو نے میری کمر توڑ دی، اب مجھ میں طاقت نہیں۔

آج بھی اس زمانے میں جب کہ انسان کے عقائد واعمال درست نہیں ہے، غذا درست نہیں ہے، اخلاق درست نہیں ہیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنا اتنا ہی موثر ہے جتنا کہ سابق دور میں تھا۔ اس کلمہ کا اثر فوری ہوتا ہے اور کبھی فیل نہیں ہوتا۔ جس شخص کو دوسروں سے تکلیف پہنچتی ہے یا کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ کلمہ پڑھ کر اس کی طرف دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ اس کے ضرر سے محفوظ رہیں گے۔

آثار القرآن
خواص و فضائل اعوذ باللہ

از انتخاب: سید مصور علی زنجانی

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی عظمت اور بزرگی والی کتاب ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات برگزیدہ اور عظمت والی ہے۔اسی طرح اس کی کتاب بھی ہر قسم کی غلطیوں سے پاک اور عظمت والی ہے۔

فرمانِ خداوندی ہے:

ترجمہ: اگر یہ کتاب پہاڑوں پر نازل ہوتی تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتے اور ساتھ ہی اس میں اتنی شیرینی ہے کہ اسے پڑھ کر آنکھیں نم آلود ہو جاتی ہیں اور ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کا مطلب دروازہ کھٹکھٹانا اور دخول کے لیے اجازت طلب کرنا ہے۔کیونکہ جو شخص بادشاہ کے دروازے پر جاتا ہے تو اس کی اجازت کے بغیر داخل نہیں ہو سکتا۔اسی طرح جو شخص قرآن مجید پڑھنے کا ارادہ کرتا ہے تو اپنی زبان کے ساتھ مناجات میں داخل ہو جاتا ہے۔لہٰذا زبان کی طرف جو فضول کلام سے ناپاک ہو گئی تھی محتاج ہوتا ہے۔پس وہ اعوذ باللہ سے زبان کو پاک کر کے قرآن کریم کی تلاوت کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

قرآن پاک کے پارہ 14 میں ارشادِ خداوندی ہے کہ:

فاذا قرات القرآن فاستعذ باللہ من الشیطن الرجیم

ترجمہ: تو جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ مانگو شیطان مردود سے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ شیطان کیا ہے؟ جس سے پناہ مانگنا ضروری خیال کیا گیا ہے، آئیے دیکھتے ہیں۔

شیطان کی حقیقت:

شیطان شطن سے بنا ہے جس کے معنی متحرک، دراز اور دور ہونا کے ہیں۔شیطان چونکہ خیر سے دور اور شر کے اندر طویل و متحرک ہوتا ہے، اس لیے ہر بری چیز شیطان کے مشابہ ہوتی ہے۔بعض حضرات کا خیال ہے کہ شیطان بڑے بدصورت سانپ ہوتے ہیں۔گھوڑے کی گردن کے بالوں کو بھی شیاطین کہتے ہیں۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیطان ایک مشہور گھاس کا نام ہے۔اللہ تعالیٰ نے اس کو نافرمانی اور حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے اپنی بارگاہ سے لعنت کے ساتھ نکال دیا۔

شیطان اللہ تعالیٰ سے دور، بھلائی سے دور، جنت سے دور اور دوزخ کے بہت قریب ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور اس کی امت کو شیطان سے پناہ مانگنے کا حکم دیا ہے تاکہ وہ دوزخ سے دور اور جنت کے نزدیک ہو جائیں۔

ارشادِ خداوندی ہے:

ترجمہ: اے میرے بندے! شیطان مجھ سے دور ہے اور تو میرے قریب ہے۔لہٰذا ہر حال میں حسن ادب کو ملحوظ رکھ۔یہاں تک کہ شیطان کا تجھ پر داؤ نہ چلے اور وہ کسی طرح تجھ پر قابو نہ پا سکے۔

جب رسول اللہ ﷺ کو پناہ طلب کرنے کا حکم دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فاذا اقرآت القرآن تاالخ آیت نازل فرمائی۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب تم قرآن پڑھنے کا ارادہ کرو تو تعوذ پڑھو یعنی اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھا کرو۔ابن عباس مزید فرماتے ہیں کہ شیطان کے لیے تعوذ پڑھنے سے زیادہ اور کوئی چیز سخت نہیں ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے:

ترجمہ: جو لوگ اللہ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر بھروسہ رکھتے ہیں شیطان کا ان پر قابو نہیں چل سکتا۔شیطان کا قابو ان لوگوں پر ہوتا ہے جو اس سے دوستی رکھتے ہیں۔وہ انہیں ان کے دین سے بہکا دیتا ہے۔شیطان کا تسلط ان لوگوں پر بھی ہوتا ہے جو اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک

ٹھہراتے ہیں۔

شیطان کن چیزوں سے ڈرتا ہے:

وہ چیز جس سے شیطان ڈرتا ہے وہ یا تو استعاذہ ہے یا عارفوں کے دلوں کی نور معرفت کی شعاع ہے۔ اگر تمہارا تعلق عارفوں سے نہیں ہے تو تم پر ہمیشہ کا استعاذہ لازم ہے یہاں تک کہ تم عارفوں کے درجہ تک پہنچ جاؤ۔ جب تم عارفوں میں سے ہو جاؤ گے تو تمہارے دل کی نورانی شعاع شیطان کی شان و شوکت توڑ ڈالے گی۔ اس کے شر کو نیست و نابود کر دے گی۔ اس کے اثرات فنا ہو جائیں گے اور تمہاری ذات کے اندر اس کا جو لشکر کارفرمائی کے لیے موجود ہے اس کے پاؤں اکھڑ جائیں گے۔ پھر ایسا ہو گا کہ تم اپنے بھائیوں اور پیروؤں کے لیے نگہبان بن جاؤ گے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں فرمایا:

اے عمر! شیطان تمہارے سایہ سے بھاگتا ہے۔ آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جس وادی سے عمر گزرتے ہیں، شیطان اس وادی کو چھوڑ کر دوسری وادی میں چلا جاتا ہے۔

شیطان جب کسی بندے میں اتنی عداوت اور مخالفت کی تصدیق کر لیتا ہے اور بندے کی سچائی اس پر ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ مایوس ہو کر اسے چھوڑ دیتا ہے اور کسی دوسرے کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے لیکن پوشیدہ طریقے سے چھپا چھپا آتا ہے، اس کی دشمنی پرانی اور حقیقی ہے۔ وہ گوشت پوست میں خون کی طرح رواں دواں رہتا ہے۔

شیطان سے بچنے کی تدابیر:

جن کلمات کے ساتھ شیطان سے جنگ کرنے اور اس کو دور کرنے پر استقامت حاصل ہوتی ہے، وہ کلمہ اخلاص اور رب العزت کا ذکر کرنا ہے۔ رسول خدا ﷺ نے ارشاد ربانی کو نقل کرتے ہوئے فرمایا لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جو شخص یہ کلمہ کہے گا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا۔ جو میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا وہ ہر عذاب سے محفوظ ہو جائے گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جس نے پورے اخلاص کے ساتھ لا الہ الا اللہ کہا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

شیطان عذاب کا وسیلہ ہے۔ بندہ جب کلمہ توحید پڑھتا ہے اور کلمہ توحید کے تقاضے یعنی واجبات کے ادا کرنے اور ممنوعات کے ترک کا لباس پہن لیتا ہے تو جب شیطان اسے یہ لباس پہنے دیکھتا ہے تو اس سے دور بھاگ جاتا ہے، پھر اس کے نزدیک آنے کی جرأت نہیں کرتا۔

شیطان سے مقابلہ کرنے کی ایک اہم صورت یہ بھی ہے کہ اللہ کے فضل کے علاوہ دنیا والوں سے کسی قسم کا طمع نہ رکھے۔ دنیا والوں کے مال کی نہ مدد کی نہ ان کی تعریف کی نہ ان کے جتھے اور گروہ کی اور نہ ان کے تحفہ و ہدایا کی۔ کیونکہ دنیا اور دنیا والے سب شیطان کی فوج اور اس کا جتھا ہیں۔ دنیا میں آدمی اپنے مال کے ساتھ اور بادشاہ اپنے لشکر کے ساتھ ہوتا ہے، لہٰذا بندے پر لازم ہے کہ وہ ہر ایک سے اُمید منقطع کرے۔ اللہ پر توکل اور بھروسہ کر کے ہر ایک سے بے نیاز ہو جائے، اپنے تمام معاملات اور تمام حالات میں صرف اللہ کی طرف رجوع کرے۔ حرام اور حرام کے شبہ سے بھی گریز کرے۔ مخلوق کا احسان نہ لے، مباح اور حلال چیزوں کے استعمال میں بھی کمی کر دے۔ خواہش نفس اور حرص کے ساتھ کھانا نہ کھائے۔

جو شخص اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس کا کھانا کہاں سے آتا ہے۔ حلال یا حرام سے تو اللہ بھی اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس کو دوزخ کے کون سے دروازے سے داخل کرے۔ لہٰذا انسان کو چاہیے کہ ان تمام باتوں کا خیال رکھے اور ان پر اس طرح کاربند ہو کہ شیطان اس سے نا اُمید ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کرم سے محفوظ ہو جائے۔ اگر انسان نے ان باتوں پر عمل نہ کیا تو شیطان اس کے سینے اور دل پر سوار ہو گا۔

ارشاد خداوندی ہے کہ جو شخص رحمٰن کے ذکر سے غافل ہو جاتا ہے ہم اس پر شیطان مسلط کر دیتے ہیں۔ پس شیطان اس کا ساتھی بن جاتا ہے، کبھی نماز میں وسوسہ ڈالتا ہے اور کبھی ایسی نفسانی خواہشوں میں مبتلا کر دیتا ہے جو حرام یا مباح ہوتی ہے۔ بسا اوقات عمر کے آخری حصے میں انسان کا ایمان بھی چھین لیتا ہے۔ جس کے باعث وہ قیامت کے دن جہنم کے اندر فرعون، ہامان اور قارون کے ہمراہ ہو گا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے ایمان کے چھن جانے سے اور ظاہر و باطن میں شیطان کی پیروی کرنے سے پناہ مانگتے ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اپنی بارگاہ سے نکال دیا تو اس کی بائیں پسلی سے اس کی شیطان کی بیوی کو پیدا فرمایا۔ جس طرح حضرت حوا کو حضرت آدم علیہ السلام سے پیدا فرمایا تھا۔ پھر شیطان نے اس سے صحبت کی تو وہ حاملہ ہوگئی۔ اس عورت نے پھر 31 انڈے دیے، اس کی ساری نسل کی اصل یہی انڈے ہیں، پھر اس سے شیطان کی تمام ذریات پھیلی، جس سے سمندر اور خشکی بھر گئے۔ یہاں تک کہ ہر انڈے میں سے دس ہزار نر و مادہ پیدا ہوئے۔ جنہوں نے پہاڑوں، جزیروں، ویرانوں، جنگلوں، دریاؤں، چوراہوں الغرض دنیا کی تمام جگہوں کو بھر دیا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (تو کیا تم شیطان اور اس کی ذریت کو میرے سوا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تم سب کا دشمن ہے اور ظالموں کے لیے کتنا بڑا بدلہ ہے) شیطان چونکہ انسان کا سب سے بڑا دشمن ہے، اسی لیے اس سے پناہ مانگنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت عثمانؓ بن عاص نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ (میری نماز اور میری قرأت میں شیطان خلل ڈالتا ہے) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا خنزب ہے۔ جب تم کو اس کا احساس ہو تو اللہ کی پناہ مانگو اور بائیں طرف تین بار دھتکار دو۔ حضرت عثمانؓ نے عرض کیا کہ میں نے ایسا ہی کیا اور اللہ نے اس کو مجھ سے دور کر دیا۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہر کام شروع کرتے وقت اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگ لیا کریں، تاکہ شیطان کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔

خواص و فضائل:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پڑھنے سے انسان کو پانچ فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

1۔ دین و ہدایت پر استقامت
2۔ شیطان مردود کے شر اور فساد سے بچاؤ۔
3۔ اللہ تعالیٰ کی پناہ کے مضبوط قلعہ اور قرب کے مقام پر داخلہ
4۔ پیغمبروں، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ مقام امن تک رسائی۔
5۔ زمین و آسمان کے مالک کی امداد کا حصول

بعض کتب میں آیا ہے کہ جب شیطان مردود نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ میں تیرے بندوں کے آگے، پیچھے سے دائیں بائیں سے آؤں گا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ (مجھے اپنی عزت و عظمت کی قسم میں انہیں حکم دوں گا کہ وہ تیرے اغواء سے بچنے کے لیے میری پناہ میں آنے کی درخواست کریں۔ جب وہ مجھ سے یہ درخواست کریں گے تو میں اپنی ہدایت کے ذریعے دائیں جانب سے اور اپنی عنایت کے ذریعے بائیں جانب سے اور اپنی نگہداشت کے ذریعے پشت سے اور اپنی اعانت کے ذریعے ان کے سامنے کی حفاظت کروں گا۔ اے ملعون! تیرا بہکانا انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا)۔

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب بندہ ایک مرتبہ اللہ کی پناہ مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ دن بھر اس کی حفاظت فرماتا ہے۔ آپ ﷺ نے مزید فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کر کے گناہوں کے دروازوں کو مقفل کر دو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ مومن کو گمراہ کرنے کے لیے ابلیس روزانہ 360 لشکر بھیجتا ہے۔ جب مومن اللہ کی پناہ مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کی طرف 360 مرتبہ نظر فرماتا ہے۔ ہر مرتبہ نظر فرمانے سے شیطان کا ایک لشکر تباہ ہو جاتا ہے۔

اہل معرفت کا قول ہے کہ یہ کلمہ مقربین کا وسیلہ اور مخلصین اعتصام کی امید ہے اور خدا تعالیٰ کے قول واذا قرات القرآن فاستعذ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ کا اتباع ہے۔ اس حکم میں تین قسم کے کلمات ہیں:

صفاتیہ افعالیہ ذاتیہ

امام رازی علیہ الرحمہ نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ شرور نفسانیہ کی کئی قسمیں ہیں۔ بعض شرور تو وہ ہیں جو اعتقادات میں ہیں اور اس قسم میں تمام مذاہب باطلہ اور بہتر گمراہ فرقوں کے عقائد میں داخل ہیں اور بعض بدنی اعمال کے شرور ہیں جو دین میں ضرر رساں ہوتے ہیں۔ بعض ایسے ہیں جو دین میں تو ضرر نہیں دیتے لیکن بدن کو ضرر ضرور دیتے ہیں۔ جن سے امراض آلام، آگ میں جلنا، فقیر ہونا، اندھا ہونا وغیرہ وغیرہ مصائب جو بے انتہا ہیں، شامل ہیں اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ ان تینوں قسم کے شرور سے پناہ مانگنے کے لیے ہے۔ لہٰذا عاقل کو چاہیے کہ پناہ مانگنے کے لیے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پڑھنا سنت ہے۔ بقیہ صفحہ نمبر 27 پر



از تحریر: ملیحہ زیدی، ملتان

اعجاز الجفر

فرمانبرداری اولاد و میاں بیوی و نصیب کشائی

جب کوئی اچھا علم حاصل ہوتا ہے تو اس کا سب سے زیادہ شکر ادا کرنا فرض ہے اور پھر اس عطا کردہ نعمت یعنی علم کو عوام الناس کے مسائل کو حل کرنے میں استعمال کرنا، بے کس اور مجبور لوگوں کی دعائیں لینا اور رب کا شکر ادا کرنا بہت بڑی نعمت ہے۔ میں مالک کائنات کا ہر لحظہ شکر ادا کرتی ہوں کہ یا اللہ تو نے مجھ کمزور خاتون کو اپنی بے پناہ رحمت خاندان، خاندانِ نبوت اور معصومینؑ کی محبت و شفقت سے علم سے نواز اور اس کی برکتیں عطا کیں۔ میں نے یہ بہت آزمایا ہے کہ جتنا بھی اس کی نعمت کا شکر ادا کرو اور چاہے وہ رزق ہو، علم اجسام ہو یا علم روحانی اس شکر کی برکت سے اور اضافہ ہوتا ہے۔

میرا پہلا مضمون اتنا پسند کیا گیا کہ میں اس کاوش کو اپنی بہنوں اور بھائیوں کی پسندیدگی کو اپنی حوصلہ افزائی سمجھتی ہوں اور اپنے اللہ کا شکر ادا کرتی نہیں تھکتی۔ مجھے جو علم ملا میں نے محنت کی اور جس نے مجھے اس قابل بنایا اور میں اپنے اس عمل سے سینکڑوں بہنوں، ماؤں کی دعائیں لے چکی ہوں، جن کے گھر آباد ہو گئے، اچھی جگہ رشتے ہو گئے، کسی نحوست بندش نظر بد سے جو بہنیں اور مائیں اپنی بیٹیوں کے رشتے نہ آنے سے مایوس تھیں۔ اس عمل کی برکت سے الحمد للہ چند ماہ میں ان کے گھر آباد ہو گئے۔ اپنے پسندیدہ رسالہ کے لیے اپنا مجرب اور زیر استعمال عمل پیش کر رہی ہوں۔ انشاء اللہ جس کی برکت سے تین سے چار ماہ میں جن کی شادی کے پیغامات نہ آتے ہوں۔ ان کا کسی نیک اور اچھے انسان سے نکاح ہو جائے گا اور ساری زندگی آرام و سکون سے گزرے گی۔ میں انشاء اللہ ہر ماہ اپنے مجرب سریع الاثر عملیات پیش کرتی رہوں گی۔ خواتین کے خاندانی مسائل اور ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے میری روحانی خدمات حاضر ہیں۔ میری بہنیں اور مائیں بلا جھجک رابطہ کر سکتی ہیں۔ لیکن حرمت و احترام اور سادات کی عظمت کا احساس ضروری ہے۔ عمل حاضر ہے:

سائلہ کا نام افشاں تقوی:	۵۹۸
بسم اللہ شریف کے اعداد:	۷۸۶
آیت مبارکہ کے اعداد:	۲۸۹۸
مقصد شادی ہو جائے:	۳۴۰
ٹوٹل:	۴۶۲۲
تقسیم:	۴
جواب:	۱۱۴۸

۷۸۶
جبرائیل

۱۱۵۵	۱۱۵۸	۱۱۶۱	۱۱۴۸
۱۱۶۰	۱۱۴۹	۱۱۵۴	۱۱۵۹
۱۱۵۰	۱۱۶۳	۱۱۵۶	۱۱۵۳
۱۱۵۷	۱۱۵۲	۱۱۵۱	۱۱۶۲

میکائیل — عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

نوٹ: نام کے حروف جس عنصر کی زیادتی ہو گی، اسی عنصر کا نقش پر کیا جائے گا۔



طب

ہومیو ڈاکٹر
از تحریر: سید اویس الطاف بخاری، لاہور

ہر بیماری کی دوا ہے

اللہ تبارَکَ وَ تَعالٰی ہی حقیقت میں شافی الامراض یعنی بیماریوں سے شفا دینے والا ہے۔ بعض اوقات بڑے بڑے ماہر طبیب بہتر سے بہترین دوائیں دیتے ہیں مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کے مصداق مرض میں مسلسل اضافہ ہوتا اور بالآخر کے حبیب ﷺ کا فرمان صحت نشان ہے۔ ''ہر بیماری کی دوا ہے جب دوا بیماری تک پہنچادی جاتی ہے تو اللہ عزوجل کے حکم سے مریض اچھا ہوجاتا ہے۔''

اسی حدیث پاک سے ڈاکٹروں کے اس قول کی بھی تردید ہوگئی کہ کینسر یا فلاں بیماری لاعلاج ہے۔ یقیناً بڑھاپے اور موت کے سوا کوئی بیماری لاعلاج نہیں۔ ہاں یہ الگ بات ہے کہ امراض کا علاج اَطباء اب تک دریافت نہیں کرپائے۔ بہرحال رب ذوالجلال چاہے تو دوا شفا کا ذریعہ ہے ورنہ عین ممکن ہے کہ وہی دوا موت کا سبب بن جائے۔

شفا ملنے نہ ملنے کا راز

حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ المنان مذکورہ حدیث پاک کے تحت مراۃ شرح مشکوٰۃ پر صاحب مرقاۃ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل فرماتے ہیں۔ ''جب اللہ عزوجل کسی بیمار کی شفا نہیں چاہتا تو دوا اور مرض کے درمیان ایک فرشتے کے ذریعے آڑ کردیتا ہے جس کی وجہ سے شفا واقع نہیں ہوتی۔ جب شفا کا ارادہ کرتا ہے تو وہ پردہ ہٹادیا جاتا ہے۔ جس سے دوا مرض پر واقع ہوتی ہے اور شفا ہوجاتی ہے۔

کسی ایک طبیب کو علاج کے لیے مستقلاً مخصوص کرلینا چاہیے وہ آپ کے طبعی مزاج سے واقف رہے گا تو علاج جلد ہوسکے گا اور منفی اثرات کے خطرات بھی کم رہیں گے ورنہ جدا جدا طبیبوں کے پاس جائیں گے تو وہ نئے نئے نسخے آزمائیں گے۔ اس طرح آپ کا پیسہ اور وقت دونوں برباد ہوتے رہیں گے۔ اسی طرح کتابوں اور لوگوں کے بتائے ہوئے نسخوں کے مطابق علاج کرنا بھی خطرناک ہوسکتا ہے۔'' اس مضمون میں دیا ہوا کوئی بھی نسخہ اپنے طبیب سے مشورہ کیے بغیر استعمال نہ کیا جائے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کی طبعی کیفیات جدا جدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا آپ کی جسمانی کیفیات سے واقف آپ کا طبیب ہی بہتر طے کرسکتا ہے کہ آپ کو کون سا نسخہ موافق ہوسکتا ہے اور کون سا نہیں۔ کیونکہ کتاب میں علاج کا طریقہ بیان کرنا اور ہے جبکہ کسی خاص مریض کا علاج کرنا اور۔ مثال کے طور پر شہد ہی کو لے لیجیے۔ حالانکہ اس میں شفاء ہے مگر بعض وجوداس کو برداشت نہیں کرپاتے۔ حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا خاں علیہ رحمۃ الرحمن ''فتاویٰ رضویہ'' میں فرماتے ہیں۔ ''جن مزاجوں پر صفرا غالب ہوتا ہے شہد انہیں نقصان کرتا ہے بلکہ بارہا بیمار کردیتا ہے باوجود اس کے کہ شہد دلیل قرآنی شفا ہے۔''

احادیث مبارکہ میں بیان کردہ علاج بھی اپنی مرضی سے نہیں کرنے چاہئیں۔ بے شک سرکار مدینہ ﷺ کے فرامین حق، حق اور حق ہی ہیں۔ مگر جو علاج نبیوں کے سرتاج صاحب معراج ﷺ نے تجویز فرمائے ہیں ہو سکتا ہے کہ وہ خاص خاص موقعوں موسموں کی مناسبتوں اور مخصوص لوگوں کے مزاجوں اور طبیعتوں کے موافق ہوں۔ جیسا کہ حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنان اس حدیث پاک یعنی "کالا دانہ (کلونجی) میں موت کے سوا ہر بیماری سے شفا ہے۔" کے تحت فرماتے ہیں ہر مرض سے مراد ہر بلغمی اور رطوبت کے امراض میں شفاء ہے کیونکہ کلونجی گرم اور خشک ہوتی ہے۔ لہٰذا مرطوب یعنی تری والی اور سردی کی بیماریوں میں مفید ہوگی۔ مزید فرماتے ہیں یہاں مراد عرب کی عام بیماریاں ہیں۔ یعنی کلونجی عرب کی

عام بیماریوں میں مفید ہے۔ اہل عرب کو تجویز کردہ دوائیں صرف اپنی رائے سے استعمال نہ کریں کہ ہمارے طبعی مزاج اہل عرب کے طبعی مزاج سے جداگانہ ہیں۔

ماہر طبیب کون؟

حضرت مولٰینا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے فتاوٰی رضویہ جلد 24 صفحہ 206 پر ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں۔"نا اھل یعنی جو پورا طبیب نہ ہو اس کو علاج میں ہاتھ ڈالنا حرام ہے اور اس کا ترک فرض"۔ جس نے فن طب کے باقاعدہ اصول اور طور طریقے سیکھے اور کافی مدت کسی طبیب حاذق کے مطب میں رہ کر کام کیا اور تجربہ حاصل ہوا۔ اکثر مریض اس کے ہاتھ پر شفا پاتے ہوں۔ اگرچہ مریضوں کا کم حصہ شفا پانے میں ناکام بھی رہتا ہو۔ بے علم ناتجربہ کار جو کہ تشخیص یعنی مرض کی شناخت اور علاج میں جس طرح کی فاحش غلطیاں کیا کرتے ہیں۔ اس طرح کی بھول یس نہ کرتا ہو وہ لائق طبیب ہے۔ ایسے ماہر طبیب سے اگر بعض اوقات تشخیص یا علاج میں غلطی واقع ہو جائے تو اس کو نا اہل نہیں کہا جائے گا۔

بیماریوں سے بچاؤ کا نسخہ

سنت کے مطابق کھائیں پئیں۔ پیزے، پراٹھے کباب سموسے وغیرہ دیر سے ہضم ہونے والی غذائیں معدے میں نہ ٹھونسے، فرج کا ایک دم ٹھنڈا پانی اور کولا بوتلیں پیٹ میں نہ انڈیلے تو انشاء اللہ عزوجل آپ کا معدہ درست رہے گا اور جب ہاضمہ صحیح ہوگا تو نہ قبض ہوگی اور نہ پیٹ میں گند جمع ہوگا اور نہ پیٹ کی خرابیوں کے سبب بیماریاں جنم لیں کہ بقول اَطِبّاء تقریباً 80 فیصد بیماریاں پیٹ کی خرابیوں کے سبب جنم لیتی ہیں۔ جو لوگ خوب ڈٹ کر کھاتے ہیں وہ گویا پیسے خرچ کر کے بیماریاں خرید فرماتے اور سخت تکالیف اٹھاتے اور آخر کار پچھتاتے ہیں۔ جدید تحقیق کے مطابق امریکا میں کم کھانے والے چوہے اور کتے زیادہ کھانے والے چوہے اور کتوں سے تین گنا زیادہ عرصہ زندہ رہے۔ زیادہ نہ کھانے سے انسان جلد بوڑھا نہیں ہوتا بلکہ طویل عرصے تک جوان نظر آتا ہے۔

خون ٹیسٹ

ہر شخص کو چاہیے کہ وہ ہر تین ماہ بعد اپنے خون کے ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ مثلاً بلڈ شوگر، لپڈ پروفائل، کمپلیٹ بلڈ ٹیسٹ (Complete Blood CBC) (Hepatitis BC Test, بلڈ یوریا وغیرہ۔ ان ٹیسٹوں پر توجہ مت دیجیے کہ ٹیسٹ میں کچھ نکلا تو ٹینشن ہو جائے گی۔ یہ ٹینشن آسان ہے ورنہ اچانک اسپتال جانا پڑے تو زیادہ تکالیف کا باعث بنے گا۔ اگر اسپتال میں داخل ہونے کی نوبت آئے تو گھبرانہ جائیں، ذہن کو حاضر رکھیں۔ مریض کو چاہیے کہ نماز کی پابندی کریں اور درود شریف کی کثرت کریں۔ اگر وضو کرنے میں دشواری ہو اور مرض بڑھ جانے کا خطرہ ہو تو کوری مٹی کی پلیٹ یا پاک صاف اینٹ لے لیجیے تا کہ ضرورتاً تیمم کیا جا سکے۔

ہوا سے علاج

کھلی فضا میں فجر کے وقت آہستہ سے سانس لینا شروع کیجیے اور جتنا گہرا لے سکتے ہیں لے لیجیے۔ پھر جتنی دیر تک اندر روک سکتے ہیں روک رکھیے۔ روزانہ کم از کم 40 بار اس طرح کیجیے۔ مریض بستر پر لیٹ کر بھی یہ عمل کر سکتا ہے۔ یہ عمل مختلف امراض بالخصوص دمہ اور پھیپھڑوں کی بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ ڈپریشن اور ہائی بلڈ پریشر میں بھی یہ عمل مفید ہے۔

ایگزوسٹ فین

بیت الخلا اور باورچی خانہ بلکہ کمرہ میں بھی ایگزوسٹ فین لگوائے جائیں۔ گھریلو باورچی خانہ میں 12 انچ کا لوہے کا ایگزوسٹ فین مناسب ہے۔ پلاسٹک والا دیرپا نہیں ہوتا اور ہوا بھی کم اٹھاتا ہے۔ ایگزوسٹ فین کے استعمال سے کمرہ میں تازہ اور صاف ہوا داخل ہوگی جو صحت کے لیے ضروری ہے۔ بند کمروں میں جراثیموں کی افزائش زیادہ ہوتی ہے۔

موٹاپے کا علاج

موٹاپے کا سب سے بہترین علاج اللہ عزوجل کے حبیب حضرت محمد ﷺ کا تجویز کردہ ہے اور وہ یہ کہ "بھوک کے تین حصے کر لیے جائیں ایک حصہ غذا، ایک حصہ پانی اور ایک حصہ ہوا اور سانس اگر کھانے کا یہ طریقہ اپنا لیا جائے تو ان شاء اللہ نہ کبھی بدن موٹا ہوگا نہ کبھی گیس، قبض وغیرہ کا عارضہ ہوگا۔

روزانہ صبح نہار منہ **3** سے **5** عدد انجیر کھانا موٹاپہ کم کرتا ہے۔ ایک گلاس پانی میں **2** چمچ شہد خالص اور ایک لیموں کا رس استعمال کرنے سے موٹاپہ کم ہوتا ہے اگر اس میں آدھا چمچ ادرک کا رس شامل کر لیا جائے تو یورک ایسڈ کے ساتھ ساتھ جسم سے سارے مطلوبہ زہریلا عنصر پیشاب کے ذریعے نکل جائے گا۔ دوا کے طور پر ہومیوپیتھی دوائی "فائٹولیکا **Q**" صبح، دوپہر اور رات استعمال کرنی چاہیے۔ یہ دوا چربی کو کم کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اگر مریض بدہضمی اور نفخ یعنی ریح کی زیادتی کا بھی شاکی ہو تو ہومیوپیتھی دوائی "فیوکس ویسی کیولوسس **Q**" بھی مندرجہ بالا دوا کے ساتھ استعمال کریں۔ وزن کم کرنے کے لیے سبزیاں (آلو، گوبھی وغیرہ بادی اشیاء کے علاوہ) صرف پانی میں اُبلی ہوئی یا ایک فرد کے لیے صرف چائے کی ایک چمچ "کارن آئل" ڈال کر پکائی ہوئی بہترین نعمت ہے۔ مرچ مصالحہ یا ہلدی استعمال کر سکتے ہیں۔ روزانہ ایک چٹکی ہلدی بھی کے پیٹ میں جانی چاہیے۔ انشاء اللہ کینسر سے حفاظت ہوگی۔

اگر روٹی یا چاول کھانا ضروری ہو تو صرف آدھی چپاتی پانی میں ابلے ہوئے چاول صرف آدھا کپ اور چھوٹی سی ایک بوٹی۔ چائے اگر پینا چاہیں تو "اسکیمڈ ملک" کی پھیکی ہی پی لیجیے یا مٹھاس کے لیے ایک گولی **Canderel** ڈال لیجیے۔

سلاد، ککڑی، کھیرا وغیرہ (بغیر چھلکا اتارے) بھی بکثرت استعمال کیجیے۔

چاول، چینی، چکنائی، اونٹ، گائے اور بکرے کا گوشت، ملائی، انڈہ کی زردی، کیک، چاکلیٹ، ٹافیوں، نمکو، آئسکریم، ٹھنڈے مشروبات، پکوڑے، کباب، سموسے، پیزے، پراٹھے وغیرہ ہر وہ چیز جس میں میدہ، چکناہٹ یا مٹھاس شامل ہو ان سے بچیے۔ انشاء اللہ وزن میں کمی آئے گی۔

شوگر کا علاج

(1) روزانہ صبح یہ آیت مبارکہ تین بار (اول آخر **1** بار درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیجیے۔ انشاء اللہ شوگر سے نجات ملے گی۔

"رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

(پارہ **15**، بنی اسرائیل **80**)

(2) خشک سونف اور خشک آملہ ہم وزن پیس کر باریک چھان کر اس پر **313** بار درود پاک پڑھ کر دم کر کے رکھ لیجیے اور چھ ماشہ (**6** گرام) تا حصول شفا روزانہ صبح و شام تازہ مٹکے کے پانی سے استعمال کیجیے۔ انشاء اللہ شوگر کم کرنے کا بہترین علاج ہے۔ **(3)** ایک کپ کلونجی، ایک کپ رائی، ایک کپ انار کا سوکھا چھلکا ملا کر پیس لیجیے۔ اس پر سات (**7**) بار سورۃ الفاتحہ (اول آخر درود شریف) پڑھ کر دم کر دیجیے اور **30** روز تک بلا ناغہ روزانہ صبح نہار منہ آدھا چمچ استعمال کیجیے۔ **(4)** ایک کلو سوکھے پیس کر رکھ لیجیے۔ روزانہ صبح نہار منہ چوتھائی چمچ پانی کے ساتھ استعمال کیجیے۔ کریلے کے پاؤڈر کی بجائے اگر روزانہ صبح و شام کریلے کا رس ایک ایک چمچ پی لیں۔ تب بھی انشاء اللہ شوگر کی بیماری میں حیرت انگیز طور پر فائدہ ہوگا۔ اس کے ساتھ اگر کھانا کم کھائیں گے تو انشاء اللہ شوگر کے ساتھ ساتھ ضمناً موٹاپے کا علاج بھی ہوتا چلا جائے گا۔ ہومیوپیتھی دوا سائزیجیم جمبولینم **Syzgium Jambo Q** شوگر کے مرض کی بہترین دوا ہے۔

شوگر کے مریض کو پیشاب دودھیا رنگ کا آتا ہو تو یہ دوا نافع ہے۔ ایسڈ فاس **Acid Phos** اگر شوگر کے مرض کے ساتھ ضعف گردہ، جگر اور معدہ کے لیے **Uranium Nitricum** یورینیم نائٹریکم استعمال کریں۔

ذیابیطس میں بار بار اور زیادہ پیشاب آنا کی صورت میں خالص ہلدی باریک پسی ہوئی چار ماشہ تازہ پانی سے استعمال کیجیے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

دل کی بند شریانیں کھلنے کا گھریلو علاج

ایک صاحب کا بیان ہے "دل کی تکلیف کی وجہ سے میں نے "انجیو گرافی" کروائی تو دل کی تین شریانیں بند تھیں۔ ڈاکٹروں نے ایک ماہ بعد آپریشن کی تاریخ دی۔ اس دوران میں نے ایک حکیم صاحب سے رجوع کیا۔ انہوں نے مجھے ایک نسخہ تجویز کیا۔ میں نے ایک ماہ تک وہ نسخہ استعمال کیا۔ مقررہ تاریخ پر کارڈیالوجی سینٹر میں سوا دو لاکھ روپے جمع کروا دیے۔ ڈاکٹروں نے مختلف ٹیسٹ کروائے۔ دوسرے روز میری بائی پاس سرجری ہونے والی تھی۔ تین ڈاکٹروں کے بورڈ نے ایک ماہ پہلے کی اور نئی رپورٹوں کو لے کر مجھ سے پوچھا۔ پہلی "انجیو گرافی" گرافی کروانے کے بعد آپ نے کون سی دوا استعمال کی تھی؟ میں نے حکیم صاحب والا نسخہ تفصیل سے بیان کر دیا۔ ڈاکٹروں نے بتایا۔ "آپ کی تین بند شریانوں میں سے دو کھل چکی ہیں۔ یہ نسخہ جاری رکھیے فی الحال آپ کو بائی پاس سرجری کی ضرورت نہیں۔ چنانچہ میں نے اپنی جمع کروائی ہوئی رقم واپس لی اور خوشی خوشی لوٹ آیا۔

نسخہ: (1) لیموں کا رس ایک پیالی (2) ادرک کا رس ایک پیالی (3) لہسن کا رس ایک پیالی (4) سیب کا سرکہ ایک پیالی۔ ان چاروں کو یکجان (mix) کر کے ہلکی آگ پر گرم کریں۔ جب ایک پیالی رس کم ہو جائے یعنی 3 پیالی جتنا رس رہ جائے تو چولھے سے اتار لیجیے۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو تین پیالی شہد اس میں حل کر لیجیے۔ دوا تیار ہے۔ اس کو بوتل میں بھر لیجیے۔ روزانہ صبح نہار منہ "تین (3) چمچ دوا پی لیجیے۔ یہ نسخہ 3 ماہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ دل کی جانب جانے والی تمام بند شریانیں کھل جائیں گی اور جسم میں موجود تمام زہریلے مادے مثلاً "یورک ایسڈ" وغیرہ بھی پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گا۔

نوٹ: آج کل بازار میں جو ادرک دستیاب ہے وہ اکثر تیزاب سے دھلا ہوا ہوتا ہے۔ ایسے ادرک کا رس فائدہ کی بجائے نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ لہٰذا بغیر دھلا ادرک استعمال کریں۔"

دل کی گھبراہٹ کیلئے

(1) وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ (ط) (پ۹ الانفال ۱۱) (2) اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ (پ ۱۳ الرعد ۲۲)

اوپر دی ہوئی دو آیتیں مریض خود پڑھ کر دم کیا ہوا پانی پیے یا کوئی پڑھ کر پلا دے انشاء اللہ دل کی گھبراہٹ ختم ہو جائے گی۔ "یَا اللّٰهُ قَوِّیْ وَقَلْبِیْ" جب بھی دل میں تکلیف اٹھے اس وقت یہ عمل کیجیے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ غیر مریض بھی ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ دل کے امراض سے محفوظ رہے گا۔

جوڑوں کے درد کا گھریلو علاج

(1) یَا غَنِیُّ ریڑھ کی ہڈی گھٹنوں، جوڑوں وغیرہ یا جسم میں کہیں بھی درد ہو، چلتے پھرتے پڑھتے رہیے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ (2) موسمبی کے آدھے گلاس خالص رس میں ایک چمچ مچھلی کا تیل (Codilver Oil) ملا کر پہلی بار مسلسل 12 دن تک روزانہ دن 11 بجے پئیں۔ اس کے بعد ہر 7 دن بعد مسلسل 2 دن چار ماہ تک دن دن 11 بجے پئیں۔ یہ علاج سردیوں میں زیادہ مناسب ہے۔ اس علاج کے دوران ٹھنڈی تاثیر والے پھل مثلاً موسمبی، انناس اور انار وغیرہ زیادہ استعمال کیجیے۔ (3) پیاز کا رس اور رائی کا تیل ملا کر جوڑوں پر مالش کریں۔ اگر ڈاکٹر اجازت دے تو روزانہ ایک گولی نیورومیٹ (Neuromet) کھانے کے بعد پانی سے استعمال کیجیے۔ جوڑوں کے درد کے لیے مجرب ہے۔

ہڈی جوڑنے کیلئے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (18)

تین دن تک اول آخر درود شریف کے ساتھ ایک ایک بار پڑھ کر دم کیجیے۔ انشاء اللہ ٹوٹی ہڈی جڑ جائے گی۔ ہومیوپیتھی میں جوڑوں کے درد کی مجرب ادویات: رسٹاکس 3x، برائی اونیا 3x، کاسیکم 30x، کالچیکم 30x، مرکیورس وغیرہ۔ اپنی علامات کے مطابق ڈاکٹر کے مشورہ سے ادویات کا انتخاب کریں۔

حصولِ دولت کے چند عجیب و غریب آسان ٹوٹکے

پرائز بانڈ، لاٹری، خوش بختی، ترقی کاروبار، حل المشکلات، عند الحاجت

آئینہ قسمت کے لیے یہ مضمون حافظ سید محسن علی زنجانی اور سید محمد علی زنجانی (UK) کی مشترکہ کاوش و انتخاب ہے (ادارہ)

اس مادہ پرستی کے دور میں ادارہ آئینہ قسمت میں روزمرہ سائلین اپنے معاشی مسائل لے کر آتے ہیں۔ یہ مضمون خاص کر ان بہن بھائیوں کے لیے تحقیق کیا گیا ہے جو ان مسائل کا شکار ہیں۔ آئینہ قسمت جو کہ پاک و ہند، مڈل ایسٹ، عرب ریاستوں بلکہ تمام ایشیاء، یورپ اور امریکہ میں یکساں طور پر مقبول عام ہے۔ بلا مذہب و امتیاز ہر مکتبہ فکر کے لوگوں میں پڑھا جاتا ہے، لہٰذا اس مضمون کو اسی نقطہ نظر سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ اپنی پسند سے کوئی سا عمل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ان اعمال کی اجازت ہے۔ تاہم خصوصی اجازت کے خواہاں ہوں تو عامل شاہ زنجانی کو جوابی لفافہ روانہ فرما کر اجازت لے سکتے ہیں۔

دستِ غیب کا مجرب عمل

ایک خاص علم جفر کا مجرب عمل جو خاندان زنجانیہ کے بزرگوں کا معمول چلا آ رہا ہے، پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ ضرورت منداس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں گے، صرف حسن اعتقاد اور کامل یقین کرنا شرط ہے۔ ناممکن ہے کہ اس پر عمل کرنے کے بعد آپ فیض یاب نہ ہوں، آپ اس عمل زنجانی کو نہایت پختہ اعتماد اور یقین محکم کے ساتھ کریں۔ آپ پر اللہ اپنے غیبی خزانے کے منہ کھول دے گا۔ تنگ دستی، مفلسی اور جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ انشاء اللہ

عمل مبارک درج ذیل ہے:

نیا چاند دیکھنے پر جو پہلا اتوار کا دن آئے، اس اتوار کو یہ عمل شروع کریں مگر دن اتوار (نوچندی) کا ہو۔ یعنی اتوار کا دن گزر کر جو رات آئے، جس کی صبح کو پیر ہو۔ غروبِ آفتاب سے رات کے 12 بجے تک اس عمل کا وقت ہے، 12 بجے کے بعد پھر اس عمل کا وقت نہیں رہتا۔

اول و آخر سات سات مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 70 مرتبہ الحمد شریف پڑھو۔ دوسری رات میں چھ چھ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 60 مرتبہ الحمد شریف، منگل کے دن پانچ پانچ مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 50 مرتبہ الحمد شریف، بدھ کے دن چار چار مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 40 مرتبہ الحمد شریف، جمعرات کے دن تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 30 مرتبہ الحمد شریف، جمعہ کے روز اول و آخر دو دو مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں 20 مرتبہ الحمد شریف اور ہفتہ کی رات میں ایک ایک مرتبہ کوئی سا درود شریف اور درمیان میں صرف 10 مرتبہ سورۃ الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ہر مرتبہ۔

بس ہفتہ بھر کا عمل ختم ہوا۔ بفضل خدا اور رسولؐ اسی ایک ہفتہ میں عمل کے نیک آثار پیدا ہوں گے۔ مگر مکمل عمل اسی طرح سے صرف تین ماہ پہلے ہفتہ کرنا ہے۔ خدا نے چاہا تو اس سے آپ کی جملہ ملحق شدہ پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا، غیب سے روزی کے سامان پیدا ہوں گے۔

اب یہ خدا کی دین ہے کہ وہ اپنے باطنی اور پوشیدہ خزانے سے آپ کو کیا کچھ عطا فرماتا ہے مگر روزی کے متعلق جو پریشانی تھی، وہ الحمدللہ ختم ہو جائے گی۔

جو اصحاب یہ عمل رات کو نہیں پڑھ سکتے وہ دن کو پڑھ لیا کریں یا جو وقت فرصت میں ملے، دن رات میں پڑھ لیا کریں۔ غیر وقت پڑھنے سے عمل میں کامل اثر تو نہ ہوگا، مگر برکت اور کامیابی سے خالی نہ رہے گا۔

صحیح اور کامل اثر والا وقت یہی ہے کہ غروب آفتاب سے رات کے 12 بجے تک پڑھا جائے، تبھی اس کے اثرات کامل و مکمل ہوتے ہیں۔ عامل حضرات اس عمل کرنے سے پہلے شاہ زنجانی سے اس کی اجازت لے لیں تو زیادہ مستحسن ہو گا۔ شاہ زنجانی کی دعائیں بھی آپ کے شامل حال رہیں گی۔



حاجت پوری ہونے کیلئے مجرب عمل

ایسی حاجت جو نہایت دشوار ہو اور سبیل نظر نہ آتی ہو آپ حضرت شہزادہ قاسم بن امام حسن علیہ السلام کے ولیمہ کی منت مانیں پھر 14 سادات (کل چودہ افراد) کے گھر جا کر انہیں ان الفاظ میں دعوت دیں کہ "میں نے حضرت قاسم علیہ السلام کا کربلا کے دولہے کا ولیمہ پکایا ہے، آپ کو دعوت ہے، پھر حسب استطاعت کھانا پکا کر پاک پاکیزہ جگہ رکھ کر سات مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ توحید پھر سات مرتبہ سورۃ یاسین پڑھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف کا ہدیہ شہید مظلوم حضرت قاسم بن امام حسن علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے اور دعوت پر آئے لوگوں میں تقسیم کرے، مگر خود اور اپنے اہل خانہ کو ساتھ نہ کھلائے۔ جب لوگ دعوت ولیمہ کھا کر تشریف لے جائیں تو بچا ہوا کھانا سامنے رکھ کر حضرت قاسم علیہ السلام کا مرثیہ عروسی پڑھے، پھر دعا مانگے یا حضرت صدیقہ کبریٰ سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا میں سے آپ کے پوتے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے یتیم اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے داماد حضرت قاسم علیہ السلام کا ولیمہ پکایا۔ جس کا ولیمہ کربلا والے نہ کر سکے، مخدومہ اس کو قبول فرما اور میری یہ حاجت ہے (اپنی حاجت بیان کرے) اس کو پورا فرما انشاءاللہ جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل المشکلات

(1) جب کوئی چیز گم ہو جائے۔ (2) کسی اہم کام میں رکاوٹ ہو۔ (3) بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ ہو۔ (4) کسی سے کوئی اہم کام ہو اور وہ لیت و لعل کر رہا ہو۔ (5) نوکری کا مسئلہ ہو۔ غرض ہر کام کے لیے راقم السطور نے اس کو مجرب پایا ہے۔ وہ عظیم الشان نذر ہے، فرزندان حضرت مسلم بن عقیل یعنی شہزادہ محمد و ابراہیم علیہم السلام کی کوئی میٹھی چیز حسب استطاعت لے کر اس پر الحمد سات مرتبہ، سورۃ قدر سات مرتبہ، توحید سات مرتبہ اور اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف پڑھ کر شہزادہ مظلوم محمد بن مسلم اور شہزادہ مظلوم ابراہیم بن مسلم علیہ السلام کی روح اقدس کو ہدیہ کرے اور غروب آفتاب کے وقت چوراہے پر کھڑے ہو کر وہی سورتیں دوبارہ شہیدان کوفہ کے حضور ہدیہ کرے اور حاجت مانگے۔ اے کم سن شہزادو آپ کو اپنے شہید والد حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام کا واسطہ آپ کو خود اپنی مظلومی کا واسطہ، کوفہ میں جو مصائب آپ پر آئے شہزادو آپ کو اپنی عظمت و شہادت کا واسطہ، میری (یہ حاجت ہے،) پوری کریں۔ پھر وہ مٹھائی یا میٹھی چیز چوراہے پر ہی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ عشاء کی نماز سے پہلے قبولیت کی خبر نشانی مل جاتی ہے، خواہ فون آ جائے یا پیغام آ جائے۔

مجرب ہر جائز کشائش کیلئے

مند الحاجت اگر جمعرات کے روز سے شروع ہو کر سات دن تواتر کے ساتھ ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف طلوع فجر سے پہلے پڑھے اور اس کا ہدیہ امام ہشتم امام علی رضا علیہ السلام کے حضور ہدیۂ کرے جو جلد کشائش ہوتی ہے، آخری دن کچھ تبرک تیار کرے اور بچوں میں تقسیم کرے، مجرب ہے۔

عمل ثانی کشائش کیلئے


اگر حاجت مند ہر روز دو رکعت نماز ہدیۂ حضرت فاطمہ بنت موسیٰ بن جعفر علیہ السلام پڑھے، پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین اور آخر میں مخدومہ کی زیارت جو مفاتیح الجنان یا ضیاء الصالحین کتب زیارات پڑھے۔ 28 دن کے اندر دامن مراد پر ہو جاتا ہے مگر مکمل 41 دن پورے کرے۔

خاتمہ مشکلات کیلئے

ہر مشکل کے لیے اس نورانی شعر کو کم از کم اسی مرتبہ پڑھے:

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار
لافتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

اگر اس شعر کو حضرت علیہ الیہ السلام کے اعداد 110 کے مطابق ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھ کر اول و آخر 110 مرتبہ درود شریف 110 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پھر 110 مرتبہ شاہ مرداں، شیر یزداں، قوت پروردگار۔ لافتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار پڑھے۔ انشاءاللہ جلد اثرات ظاہر ہوں گے، مگر مداومت شرط ہے۔



حصولِ دولت بذریعہ لاٹری (قرعہ اندازی)

ہندو پاک، امریکہ، یورپ میں روزانہ اشخاص لاٹری کے ٹکٹ خریدتے ہیں مگر ان میں صرف کچھ ہی ایسے خوش قسمت ہوتے ہیں جن کے نام لاٹری کھلتی ہے۔ یہاں پر لاٹری حاصل کرنے کا ایک عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ اس عمل میں کامیابی قسمت پر منحصر ہوتی ہے۔

جس دن لاٹری کا ٹکٹ خریدنا ہو اس دن علی الصبح غسل کریں۔ قرآن پاک سے سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں اور پرائز بانڈ کا نمبر لاکر سورۃ واقعہ میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو سکے گی، لیکن پرائز بانڈز کے نمبرز آپ کی تاریخ پیدائش کے اعداد کے مطابق ہوں۔

اپنے اعداد اپنی صحیح تاریخ پیدائش سے نکالیں، ان اعداد کو اعداد قسمت کہتے ہیں۔ ان میں بھول ہونے پر آپ فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جائیں گے۔

ٹوٹکہ مال فروخت کیلئے

جن کاروباری بھائیوں کا مال لاکھ کوشش کرنے کے بعد بھی فروخت نہیں ہو رہا ہے یا کسی شخص کے لاکھ کوشش کرنے پر بھی گھر میں خوشحالی نہیں ہو رہی ہے تو وہ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ کو عمل میں لائیں۔

عروج ماہ کی جمعرات سے عمل شروع کر کے ہر جمعرات کو بلا رکاوٹ عمل کریں۔

عمل: گھر یا کاروباری جگہ کے صدر دروازہ کے ایک کونے کو عرق گلاب سے دھولیں اور اس کے بعد ہلدی سے ۷۸۶ کا نشان بنائیں۔ اس پر چنے کی دال اور تھوڑا سا گڑ رکھ دیں، اس کے بعد اس کا نشان کو بار بار نہ دیکھیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کے مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور گھر میں ہر طرح کی خوشحالی ہو جائے گی۔

نئے مکان میں خوشحالی و دولت کیلئے

نیا مکان بنوا کر یا نیا کاروبار یا دکان کر کے مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ وہ اپنا نیا مکان فروخت کر دیتے ہیں اور دکان و کاروبار کو ختم کر دیتے ہیں۔ ایسے اشخاص کی دولت بھی ختم ہو جاتی ہے اور بلا وجہ محنت بھی ضائع ہو جاتی ہے اور رسوائی الگ سے ملتی ہے، اس لیے آپ جب بھی نیا مکان بنوائیں تو اس مکان کی بنیاد میں مندرجہ ذیل چیزیں رکھ دیں یا کاروباری جگہ پر دفن کر دیں۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ چیزیں فائدہ پہنچانے کے ساتھ ساتھ ٹونے ٹوٹکوں سے بچاؤ بھی کرتی ہیں۔ اس عمل میں مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

(1) تانبہ کی لٹیا معہ ڈھکن (2) چاندی کا سانپ سانپنی کا جوڑا
(3) چاندی کا ایک چھوٹا سا پترا چوکور (4) پانچ چھوٹی سپاریاں
(5) ہلدی کی سات ثابت اور صاف گانٹھیں

ان سب چیزوں کو تانبہ کی لٹیا میں پاک و صاف پانی بھر کر ڈال دیں۔ اس کے بعد اس پر اچھی طرح ڈھکن لگا دیں۔ اب یہ برتن صدر دروازہ کے مغرب کی طرف دفن کر دیں۔ اگر ممکن ہو سکے تو کسی عامل کامل سے رائے لے لیں۔ یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔


اچانک اور غیر متوقع دولت حاصل کرنے کیلئے

اگر آپ کسی وجہ سے پریشان ہیں، بغیر روپے کے آپ کو طرح طرح کی پریشانیاں برداشت کرنی پڑ رہی ہیں تو آپ مندرجہ ذیل عبارت اکیاون ہزار مرتبہ پڑھ کر تسخیر کر لیں۔ پھر اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کو اچانک کسی بھی ذریعہ یا پرائز بانڈز وغیرہ سے غیر متوقع دولت حاصل ہو گی۔ عبارت یہ ہے:

بیٹھے چبوترے پڑھے قرآن
ہزار کام دنیا کا کرے ایک کام میرا کر نہ
کرے تو ایک لاکھ چودہ ہزار پیغمبر کی دھائی

حصول یابی وراثت


کئی مرتبہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وراثت میں آنے والی جائیداد ہونے کے باوجود بھی کسی نہ کسی وجہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کی مختلف مخفی



وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ایسے حالات ہونے پر وراثت کی حصول یابی کے لیے مندرجہ ذیل عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

جو شخص وراثت کی جائیداد کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ شخص بروز پیر سفید چتکبری رنگ کی کوڈی کو باریک پیس لیں اور اس کوڈی کے سفوف کو اس شخص کے صدر دروازے پر ڈال دے، جس شخص سے وراثت کی جائیداد حاصل کرنی ہے۔ اس عمل کو وقفہ وقفہ کے ساتھ کئی مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کے اثر سے اس شخص کو وراثت کی جائیداد حاصل ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

دولت حاصل کرنے کیلئے



ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے دکھی پریشان ہے، گھر میں عیش و عشرت کے سامان دیکھنا چاہتا ہے، کوئی کاروبار میں حسب منشاء ترقی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہے، کوئی روزگار یا نوکری نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہے تو ایسے متاثرہ شخص کو چاہیے کہ سعد وقت یا شرف قمر میں اوپر بنائے گئے نقش کو زعفران سے لکھ کر بخور کی دھونی دے کر شیشہ کے فریم یا کسی اور محفوظ جگہ پر کر لگائیں۔ اس کے اثر سے مطلوبہ شخص کی دلی مراد ہر حالت میں پوری ہوگی۔ یہ نقش آپ کی قسمت کو پلٹ دے گا، زندگی کی ہر ضروریات پوری ہونے لگیں گی، گھر میں آرام وسکھ اور کاروبار میں ترقی و برکت ہوگی۔

مال فروخت کی زیادتی

ہمارے ملک کا کاروباری طبقہ عام طور پر فروخت کم ہونے یا بندش ہونے پر زیادہ فکر مند رہتا ہے۔ اگر ایسا شخص اس طرح کی پریشانی میں مبتلا ہے تو وہ مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کریں۔

بروز اتوار عرقِ گلاب لے لیں۔ اس پر چھ چھ مرتبہ یارحمٰن یارزاق پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد اس عرقِ گلاب کو دفتر یا دکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دیں۔ اس کے بعد تھوڑے سے ثابت کالے آرڈ لے کر ان پر گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کر کے دفتر اور دکان میں چاروں طرف پھینک دیں۔ اس عمل کے کرنے سے دکان میں مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور بے انتہا منافع ہونا شروع ہو جائے گا۔ عبارت یہ ہے:

بھنور دیر تو چیلا میرا، کھول دکان کھا کر میرا، اُٹھے جو ڈنڈی بکے جو مال، بھنور دیر سوں نہیں جائے۔

نظرِ بد کیلئے نعل

اگر آپ کسی دکان یا مکان کے صدر دروازہ کو غور سے دیکھیں تو ایک لوہے کی نعل جو گھوڑوں کے کھر میں لگائی جاتی لگی ہوئی صاف نظر آئے گی۔ اس نعل کا استعمال کاروبار یا مکان کو نظر بد سے یا ٹونے ٹوٹکے سے بچاؤ کے لیے کیا جاتا ہے۔

اس کام کے لیے عام طور پر غلطی سے کوئی بھی نعل کسی بھی دن لگا دی جاتی ہے۔ جبکہ اس کے لگانے کا قانون یہ ہے کہ نعل صرف گھوڑے کی ہو۔ اس کے لیے گھوڑے کی نعل لے کر اس کو پاک پانی یا عرقِ گلاب سے دھولیں۔ اگر کاروباری جگہ یا مکان کا منہ مشرق کی جانب ہو تو بروز منگل اور اگر جنوب کی جانب ہو تو اس نعل کو بروز جمعہ لگائیں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نعل کا کھلا منہ نیچے کی جانب ہو۔ اس طرح اس عمل کے اثر سے کاروبار یا مکان کو نظر بد و ٹونہ ٹوٹکے سے تحفظ حاصل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ادارہ آئینہ قسمت سے نقش اسم اعظم منسوب باب العلم مشکل کشا بھی تحفۃً حاصل کر کے گھر میں یا صدر دروازہ پر لگانے سے گھر میں خوشحالی و برکت رہے۔



آئینہ قسمت
اپریل 2013ء

از تحریر: ڈاکٹر نیر عباس علوی، لاہور

کرشمات صدری عملیات

مالِ کثیر حاصل کرنے کا مجرب عمل

۷۸۶

۱۲۸/۱۱۸/۱۳۵/۱۱۰/۹۲/۶۶

اجب یا جبرائیل بحق یااللہ

یااللہ	یاولی	یانافع
۶۶	۴۶	۲۰۱
۴۸	۲۰۰	۶۵
۱۹۹	۶۷	۴۷

اجب یا عزرائیل بحق یا رحمٰن

الٰہی بحق چہار دہ معصومین
فلاں بن فلاں کو غیب سے کثیر مال و
دولت عطا فرما بحق یااللہ یاوَلیُ یانافع

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

نیاز عمل:

یہ نقش اپنی مثال آپ ہے، رزق کے سلسلے میں انتہائی اہم ہے۔ اسلام کی بنیادی کامیابی جنگ بدر سے حاصل ہوئی، جس میں مجاہدین اسلام کی تعداد 313 تھی۔ جس کا مفرد عدد 7 ہے۔ جو جناب حضرت ابوالفضل العباس علمدار حسین علیہ السلام کے نام کے اعداد 133 کا ہے۔ جو ہر ذی شعور آدمی کے لیے مخفی نہیں ہے۔ جنگ کربلا بھی حق و باطل، مومن و منافق کے درمیان تمیز کی، جنگ تھی غیرت عزتِ نفس اور بارگاہِ خداوندی میں قربانی جان و مال کی جنگ ہے۔ جس میں قلیل مقدار نے کثیر لشکر نفاق پر وہ کامیابی حاصل کی کہ حق حسینؑ اور بدی یزید کا مقدر بن گئی۔ شہداء کربلا کے نام پر نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ کھیر پکا کر باوضو تقسیم کی جائے، بہت فائدہ ہوگا۔

بخور عمل:

بوقت تحریر نقش اچھی سی اگربتی ضرور سلگائیں۔ اگرہر اگربتی پر 11 بار - وَاِذَا بطشتم بطشتم جبّارین- پڑھ کر دم کر کے جلائیں تو جنات کی بندش کے سبب مال کی رکاوٹ کھل جاتی ہے۔

روحانی سیاھی:

زعفران میں عرقِ گلاب و روح کیوڑہ ملا کر سیاہی بنائیں اور اس پر 313 بار یاوَلیُ یانَافِعُ یااللہ پڑھ کر دم کریں۔ اس سیاہی سے لکھا گیا نقش یقیناً پُر تاثیر ہوگا۔ ضرور سیاہی بنائیں۔

روحانی قلم دوات:

تازہ پھل دار درخت کی قلم بنائیں اور اس پر انہی اسماء کا 313 بار ورد کریں اور انہی اسماء اعظم کی تکسیر جفری کریں۔ یہ نقش اس کی پشت پر لکھیں، یہ ایسا راز ہے جو اس کو پا گیا۔ یقیناً دست غیب کا حق دار ہوگا، مولا کامیابی عطا کرے۔

تکسیر جفری:

ا	ل	ل	ه	و	ل	ی	ن	ا	ف	ع
ع	ا	ف	ل	ا	ل	ن	ه	ی	و	ل
ل	ع	و	ا	ی	ف	ه	ل	ن	ا	ل
ل	ل	ا	ع	ن	و	ل	ا	ه	ی	ف
ف	ل	ی	ل	ه	ا	ا	ع	ل	ن	و
و	ف	ن	ل	ل	ی	ع	ل	ا	ه	ا

بقیہ صفحہ نمبر 23 پر